آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز جمعہ 14 اگست 2020ء بمطابق 24 ذوالحجہ 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 220

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	4:24
ظہر	2:00
عصر	5:45
مغرب	7:12
عشاء	08:45

اہل تشیع

فجر صبح	04:15
ظہر	01:00
مغرب	07:27

حکومت بلوچستان کی جانب سے ٹیکسز میں کمی کا خیر مقدم کرتے ہیں، وزیراعظم

ہفتہ وار ویب نار کے انعقاد کا اہتمام کیا جائے، تعمیرات کے شعبے میں تمام مراحل کی آٹومیشن، ڈیجیٹلائزیشن اور نظام کو آسان بنانے پر بھرپور توجہ دی جائے

ایف بی آر کی جانب سے تعمیرات سے وابستہ کاروباری برادری کیلئے آسانیاں فراہم کرنا خوش آئند ہے، ایف بی آر نے ٹیکس گزاروں کی سہولت کاری کیلئے تعمیراتی منصوبوں، ڈویلپرز اور بلڈرز کیلئے آن لائن رجسٹریشن کا نظام متعارف کرایا

ایک سو چار منصوبوں کے لئے این او سیز کی منظوری دی جاچکی ہے، مزید کی لانے اور ٹیکسوں کو دیگر صوبوں کی سطح پر لانے کے لئے اقدامات کیے جائیں، تمام تعمیراتی منصوبوں کی تکمیل مقررہ ٹائم لائنز میں یقینی بنائی جائے، اجلاس سے خطاب

اسلام آباد/کوئٹہ (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ ایف بی آر کی جانب سے تعمیرات سے وابستہ کاروباری برادری کے لئے آسانیاں فراہم کرنا خوش آئند ہے، ہفتہ وار ویب نار کے انعقاد کا اہتمام کیا جائے، تعمیرات کے شعبے میں تمام مراحل کی آٹومیشن، ڈیجیٹلائزیشن اور نظام کو آسان بنانے پر بھرپور توجہ دی جائے، حکومت بلوچستان کی جانب سے ٹیکسز کی شرح میں کمی لانے کے اقدام کا خیر مقدم کرتے ہیں، مزید کمی لانے اور ٹیکسوں کو دیگر صوبوں کی سطح پر لانے کے لئے اقدامات کیے جائیں، تمام تعمیراتی منصوبوں کی تکمیل مقررہ ٹائم لائنز میں یقینی بنائی جائے۔ جمعرات کو وزیراعظم عمران خان بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان رواں مالی سال کے ترقیاتی پروگرام پر پیش رفت کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بھارتی غاصبانہ قبضہ کیخلاف پرعزم جدوجہد کر رہے ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان

اپنی دھرتی پر بھارت کے غاصبانہ قبضہ کے خلاف پرعزم جدوجہد کر رہے ہیں اور جو شمع انہوں نے روشن کی ہے وہ ظلم وجبر سے بجھائی نہیں جاسکتی

ملک دشمن قوتیں بدامنی پھیلا کر پاکستان کو کمزور اور غیر مستحکم کرنا چاہتی ہیں تاہم اپنی صفوں میں مکمل اتحاد و اتفاق قائم کر کے ہم دشمنوں کے ناپاک عزائم ناکام بنا سکتے ہیں

یہ ملک ہم نے اپنے آباؤ اجداد کی عظیم قربانیوں کے نتیجے میں حاصل کیا' اس کا تحفظ اور تعمیر و ترقی اب ہماری ذمہ داری ہے' یوم آزادی کے موقع پر قوم کو پیغام

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے یوم آزادی پر قوم کو مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے پیغام میں وزیراعلیٰ نے یوم آزادی کی مناسبت سے کشمیری عوام کی جدوجہد کو بھی خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ کشمیری عوام گذشتہ 73 سالوں سے اپنے حق خودارادیت کے حصول کی جنگ لڑتے ہوئے ہزاروں جانیں قربان کر چکے ہیں، اور اپنی دھرتی پر بھارت کے غاصبانہ قبضہ کے خلاف پرعزم جدوجہد کر رہے ہیں اور جو شمع انہوں نے روشن کی ہے وہ ظلم وجبر سے بجھائی نہیں جاسکتی، وزیراعلیٰ نے کہا ہے کہ یہ ملک ہم نے اپنے آباؤ اجداد کی عظیم قربانیوں کے نتیجے میں حاصل کیا۔ اس کا تحفظ اور تعمیر و ترقی اب ہماری ذمہ داری ہے جس سے عہدہ برآ ہونے کے لئے ہمیں اپنے تمام فروعی اور گروہی اختلافات بھلا کر اور ہر قسم کے تعصبات سے بالاتر ہو کر ایک متحد قوم کی شکل میں بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وزیراعظم عمران خان سٹنگ کے مرض کی روک تھام سے متعلق احساس نشوونما پروگرام کا باقاعدہ آغاز کر رہے ہیں

وزیراعظم نے احساس نشوونما پروگرام کا آغاز کر دیا

نشوونما پروگرام کی تشکیل میں نوزائیدہ بچوں کے پہلے 1000 دن میں صحت اور غذا کو بہتر بنانے پر توجہ مرکوز کی گئی

عورت کے حاملہ ہونے سے لے کر دو سال تک، یعنی پہلے 1000 دن انتہائی اہم ہوتے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے سٹنگ کے مرض کی روک تھام سے متعلق احساس نشوونما پروگرام کا باقاعدہ آغاز کر دیا۔ وزیراعظم نے معاون خصوصی برائے سماجی تحفظ و تخفیف غربت ڈاکٹر ثانیہ نشتر کے ہمراہ ڈوگر ویلج کوارٹر ہسپتال، تحصیل ٹھیر مچھیر بکھنوانوا میں قائم نشوونما مرکز کا دورہ کیا۔ پاکستان میں بچوں میں سٹنگ کا مسئلہ ہمیشہ سے وزیراعظم عمران خان کی ترجیحات میں شامل رہا ہے، وزارت عظمیٰ کا عہدہ سنبھالتے ہی قوم سے اپنے پہلے خطاب میں وزیراعظم بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

الیکشن کمیشن آف پاکستان نے بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کے پیش نظر انتخابی فہرستوں کی نظرثانی کے تمام بقایا امور پر فوری طور پر کام شروع کر دیا

کوئٹہ (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے عنقریب ہونے والے بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کے پیش نظر انتخابی فہرستوں کی نظرثانی کے تمام بقایا امور پر فوری طور پر کام شروع کر دیا ہے جو کورونا وائرس کی وبا کی وجہ سے مکمل نہیں ہو سکے تھے۔ اس سلسلہ میں تمام صوبائی الیکشن کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کو ضروری ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔ تفصیلات بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

آزادی کسی بھی قوم کیلئے بہت بڑی نعمت ہوتی ہے، ضیاء اللہ لانگو

آزاد فضا میں سانس لیے بغیر ہم اپنے نظریات و عقائد کا کھل کر مظاہرہ نہیں کر سکتے اور نہ ہی اپنے بنیادی حقوق کا دفاع کر سکتے ہیں، صوبائی وزیر داخلہ

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر داخلہ و قبائلی امور و پی ڈی ایم اے میر ضیاء اللہ لانگو نے یوم آزادی پاکستان کی مناسبت سے قوم کو مبارکباد دیتے ہوئے اپنے پیغام میں کہا کہ آزادی کسی بھی قوم کیلئے بہت بڑی نعمت ہوتی ہے، آزاد فضا میں سانس لیے بغیر ہم اپنے نظریات و عقائد کا کھل کر بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

سندھ بلوچستان بین الصوبائی بائی وے پر چلنے والی مسافر بسوں اور ویگنوں کی چھتوں پر مسافر بیٹھنے پر مکمل پابندی ہے

نصیر آباد (ش ن) ایس پی ہائی وے پولیس N65 نصیر آباد عبدالعزیز سرپرونے چالان ٹیم کے ہمراہ روانہ ہونے والے روڈ بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

آج پوری قوم اتحاد اور یکجہتی کے ساتھ پاکستان کا تہترواں جشن آزادی منا رہا ہے، بلال خان کاکڑ

کوئٹہ (ش ن) وزیراعلیٰ بلوچستان کی کوآرڈینیٹر بلال خان کاکڑ نے یوم آزادی کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

ڈاکٹرز اور میڈیکل اسٹاف مریضوں کا چیک اپ کر کے انہیں مفت ادویات فراہم کر رہے ہیں، ڈاکٹر شرجیل نور

نصیر آباد (ش ن) ڈپٹی کمشنر جھل مگسی ڈاکٹر شرجیل نور نے کہا ہے کہ جھل مگسی کے علاقوں میں آنے والے سیلاب سے بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی ناقص و ملاوٹی خوراک کے تدارک کے لئے کارروائیاں جاری

کوئٹہ (ش ن) بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی ناقص و ملاوٹی خوراک کے تدارک کے لئے جاری کارروائیوں کے دوران پی ایف اے بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

تین گنا زیادہ لاگت اور وقت لگنے سے بننے والا منصوبہ "شفاف" ہے؟ شہباز شریف

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر و قائد حزب اختلاف محمد شہباز شریف نے پشاور بی آر ٹی منصوبے بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

مستونگ بازار میں کرکیر بم پھٹنے سے خاتون اور بچے سمیت پانچ افراد زخمی

مستونگ (این این آئی) مستونگ بازار میں کرکیر بم پھٹنے سے خاتون اور بچے سمیت پانچ افراد زخمی تفصیلات کے مطابق بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

حکومت بلوچستان نے 20 روز کے لئے موٹر سائیکل پر ڈبل سواری پر پابندی عائد کر دی

کوئٹہ (این این آئی) حکومت بلوچستان نے صوبے میں امن وامان کی صورتحال برقرار رکھنے کے لئے 20 روز کے لئے موٹر بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

بی آر ٹی منصوبے کا افتتاح تحریک انصاف کے ایک اور وعدے کی تکمیل ہے، وزیر اطلاعات شبلی فراز

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اطلاعات سینیٹر شبلی فراز نے کہا ہے کہ بی آر ٹی منصوبے کا افتتاح تحریک انصاف کے ایک اور وعدے بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

نمائندہ خصوصی افغانستان محمد صادق کی شاہ محمود قریشی سے ملاقات

افغان امن عمل سمیت خطے کے امن و استحکام کے حوالے سے تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے نمائندہ خصوصی برائے افغانستان ایمبیسیڈر محمد صادق نے وزارت خارجہ میں وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی سے ملاقات کی جس میں افغان امن عمل سمیت خطے کے امن و استحکام کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ جمعرات کو نمائندہ خصوصی برائے بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

بھارت کی جانب سے دراندازی کا خودساختہ پراپیگنڈا کیا گیا، پاکستان

ذہنی معذور پاکستانی ہندو نوجوان کو قتل کر کے دراندازی کا نام دینے کے بھارت کے غلط دعووں کی قلعی کھول دی ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے کہا ہے کہ ایک ذہنی معذور پاکستانی ہندو نوجوان کو قتل کر کے اس کو دراندازی کا نام دینے کے بھارت کے غلط دعووں کی قلعی کھول دی ہے، بے بنیاد بھارتی پراپیگنڈا کے ذریعہ بھارت کے اندرونی معاملات، بھارتی انتہیوں سے امتیازی سلوک اور بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

پاکستان کا سیاسی نقشہ ہمارے خیال کی نمائندگی کرتا ہے، ترجمان پاک فوج

کورونا کے دوران اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کی سیز فائر کی اپیل کے باوجود بھارت نے لائن آف کنٹرول پر اپنی روایتی کارروائیاں جاری رکھیں

کسی کو مسلم دنیا میں سعودی عرب کی مرکزیت پر کوئی شبہ نہیں ہونا چاہیے، سی پیک کی سیکیورٹی ہماری ذمہ داری ہے جس پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، پریس کانفرنس سے خطاب

راولپنڈی ڈی جی آئی ایس پی آر میجر جنرل بابر افتخار پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

راولپنڈی (این این آئی) پاک فوج کے ترجمان میجر جنرل بابر افتخار نے ایک بار پھر خبردار کیا ہے کہ بھارت یا ایس فور 100 یا 500 رائفل لے آئے، پاک فوج تیار ہے، بھرپور جواب دیگے، پاکستان کا نیا سیاسی نقشہ ہمارے خیال کی نمائندگی کرتا ہے، کورونا کے دوران اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کی سیز فائر کی اپیل کے باوجود بھارت نے لائن آف کنٹرول پر اپنی روایتی کارروائیاں جاری رکھیں اور معصوم شہریوں کو نشانہ بنایا، ابھی ایسا کوئی علم باقی نہیں رہا جس کا کشمیریوں نے برداشت نہ کیا ہو، جوانوں کو شہید اور انسد اور دہشت گردی کے نام پر نامعلوم مقامات پر دفن کیا جا رہا ہے، دنیا بھر میں بھارتی مظالم کے بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

نوشکی کے علاقے میں سیکورٹی فورسز کے گاڑی کے قریب بم دھماکہ کوئی جانی نقصان نہیں ہوا

نوشکی (این این آئی) نوشکی کے علاقے میں سیکورٹی فورسز کے گاڑی کے قریب بم دھماکہ کوئی جانی نقصان نہیں ہوا ایوز کے مطابق جمعرات کو نوشکی کے علاقے گلی میٹکل کے قریب الک روڈ پر سیکورٹی فورسز کی گشت پر معمور گاڑی کے قریب دھماکہ ہوا جس کے نتیجے میں خوش قسمتی سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا دھماکے کے بعد سیکورٹی فورسز نے بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

سلوگن

قومی دن، قومی تہوار و دیگر ذمہ داریاں جذبہ حب الوطنی سے نبھائیں، اس دوران اپنے اردگرد کے ماحول کا احساس بھی ضرور کریں، گذشتہ کئی ماہ سے ہمیں کرونا کا سامنا ہے، کئی اموات ہوئے اور عوام کو تکالیف کا سامنا بھی کرنا پڑا بمشکل کرونا کی شدت میں کمی آئی۔ اس جیت کی اصل وجہ احتیاطی تدابیر پر سختی سے عمل درآمد کرنا تھا۔ احتیاطی تدابیر میں کسی طرح غفلت نہیں ہونی چاہیے، ورنہ ایک مرتبہ پھر زندگی مفلوج ہو سکتی ہے۔

صوبے کے عوام جشن آزادی بھرپور طریقے سے منائیں گے، لیاقت شاہوانی

بلوچستان میں امن وامان کے مسئلہ پر کوئی کمپرومائز نہیں ہے، امن وامان کے مسائل پیدا کرنیوالوں سے سختی سے نمٹا جائیگا

جشن آزادی پر خوشیاں منانا اچھی بات ہے، مگر اس موقع پر لوگوں کو تنگ نہیں کیا جانا چاہئے اور اس موقع پر لوگوں کا تعاون بھی چاہئے ہوگا، ترجمان حکومت بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) ترجمان حکومت بلوچستان لیاقت شاہوانی نے کہا ہے کہ صوبے کے عوام جشن آزادی بھرپور طریقے سے منائیں گے، تاہم صوبے میں امن وامان کے مسئلہ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا امن وامان کے مسائل پیدا کرنیوالوں سے سختی سے نمٹا جائیگا۔ یہ بات انہوں نے آفیسر کلب کوئٹہ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی، صوبائی ترجمان لیاقت شاہوانی نے کہا کہ بلوچستان میں امن وامان کے مسئلہ پر کوئی کمپرومائز نہیں ہے، امن وامان کے مسائل پیدا کرنیوالوں سے سختی سے نمٹا جائیگا، ان کا کہنا تھا کہ اس بار بھی صوبے کے عوام جشن آزادی منائیں گے، جشن آزادی پر خوشیاں منانا اچھی بات ہے، مگر اس موقع پر لوگوں کو تنگ نہیں کیا جانا چاہئے اور اس موقع پر لوگوں کا تعاون بھی چاہئے ہوگا، ان کا کہنا تھا کہ حالیہ بارشوں اور سیلاب سے صوبے کے 8 اضلاع زیادہ متاثر ہوئے، اس دوران مختلف حادثات کے نتیجے میں 13 افراد جاں بحق ہوئے جبکہ سڑکوں اور شاہراہوں کو بھی نقصان پہنچا، ان کا بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

کوئٹہ انٹرنیشنل پولیس بلوچستان گرمیں سیٹ میٹرل پولیس ملٹن میں جشن آزادی کی تقریبات کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ جام کمال خان بسیمہ کو آفت زدہ قرار دیکر خصوصی پیکج کا اعلان

نقصانات کا ازالہ کرنے کے لئے فوری طور پر ٹیمیں بسیمہ بھجوائیں، رکن صوبائی اسمبلی میر زابد علی ریکی

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے رہنما و رکن صوبائی اسمبلی میر زابد علی ریکی نے کہا ہے کہ بسیمہ میں زلزلے نے تباہی مچادی ہے جنکی وجہ سے لوگ بے یارومددگار ہیں وزیر داخلہ کا مشکور ہوں کہ انہوں نے فوری طور پر امدادی سامان بسیمہ بھجوا دیا ہے وزیراعلیٰ جام کمال خان بسیمہ کو آفت زدہ قرار دیکر خصوصی پیکج کا اعلان اور نقصانات کا ازالہ کرنے کے لئے فوری طور پر ٹیمیں بسیمہ بھجوائیں۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کو اپنے ایک بیان میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ بسیمہ کو پہلے سیلاب سے نقصانات بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

سی پیک کے سفر میں ہم جوں جوں آگے بڑھتے جائیں گے صنعتی تعاون میں اضافہ ہوتا جائے گا، اسد عمر

سی پیک کے اگلے مرحلے میں زراعت اور سائنس و ٹیکنالوجی دونوں شعبوں کو بھرپور ترجیح دی جائے گی، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی اسد عمر نے کہا ہے کہ سی پیک کے سفر میں ہم جوں جوں آگے بڑھتے جائیں گے صنعتی تعاون میں اضافہ ہوتا جائے گا، سی پیک کے اگلے مرحلے میں زراعت اور سائنس و ٹیکنالوجی دونوں شعبوں کو بھرپور ترجیح دی جائے گی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اسد عمر نے کہا کہ زراعت اور سائنس اینڈ ٹیکنالوجی دونوں شعبوں کیلئے سی پیک فریم ورک کے تحت نئے مشترکہ ورکنگ گروپس تشکیل دیے گئے ہیں، گوادر انفراسٹرکچر کی ترقی میں بھی اہم پیشرفت بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

الیکشن کمیشن آف پاکستان نے بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کے پیش نظر انتخابی فہرستوں کی نظرثانی کے تمام بقایا امور پر فوری طور پر کام شروع کر دیا

کوئٹہ (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے عنقریب ہونے والے بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کے پیش نظر انتخابی فہرستوں کی نظرثانی کے تمام بقایا امور پر فوری طور پر کام شروع کر دیا ہے جو کورونا وائرس کی وبا کی وجہ سے مکمل نہیں ہو سکے تھے۔ اس سلسلہ میں تمام صوبائی الیکشن کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کو ضروری ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔ تفصیلات بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کی چار بڑی اسپتالوں شعبہ گائنی کی سروسز 24 گھنٹے بلا تعطل جاری رکھنے کا فیصلہ

کوئٹہ (ش ن) محکمہ صحت بلوچستان نے سول سٹی ہسپتال کوئٹہ میں زچگی سے متعلق کیسز میں مریضوں کے غیر معمولی رش کے پیش نظر صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کی چار بڑی اسپتالوں فاطمہ زیدا ہسپتال، فاطمہ جناح چیسٹ ہسپتال، شہید بینظیر اسپتال اور مفتی محمود اسپتال میں شعبہ بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

ناہل حکومت سے بازو مروڑ کا قانون سازی کی جارہی ہے، فضل الرحمن

حکومت پاکستان نے اقوام متحدہ کو کشمیر کے حوالے سے قراردادوں پر عمل کا کیوں نہیں کہا؟ ہماری سفارتکاری کہاں گئی

اگر کل اقوام متحدہ یا ایف اے ٹی ایف کشمیر کے حریت پسندوں کو بھی دہشتگرد قرار دیتی ہے تو کیا کریں گے، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) جے یو آئی (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمن نے کہا ہے کہ بھارت اور دنیا کے دباؤ پر ایف اے ٹی ایف قوانین بنائے جا رہے ہیں، حکومت پاکستان نے اقوام متحدہ کو کشمیر کے حوالے سے قراردادوں پر عمل کا کیوں نہیں کہا؟ ہماری سفارتکاری کہاں گئی، اگر کل اقوام متحدہ یا ایف اے ٹی ایف کشمیر کے حریت پسندوں کو بھی دہشتگرد قرار دیتی ہے تو کیا کریں گے، ناہل حکومت سے بازو مروڑ کا قانون سازی کی جارہی ہے، ایم ایم اے اور کچھ دوسری جماعتوں کو قانون سازی کے حوالے سے مشاورت سے دور رکھا گیا یہ جمہوریت کے خلاف ہے، پی پی دور میں ہم بلیک لسٹ میں گئے، اگلی حکومت آئی تو پھر وائٹ لسٹ پر آگئے، پی پی پی اور ن لیگ کو ایسی قانون سازی پر کیوں مجبور نہیں کیا جا سکا، ان قوانین کے بعد پاکستان آزادی سے کوئی فیصلہ نہیں کر سکے بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

16 اگست تک موٹر سائیکل کی ڈبل سواری پر پابندی عائد ہے اس لئے ڈبل سواری سے گریز کرے عبدالرحیم کاکڑ

کوئٹہ (این این آئی) مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے پریس ریلیز میں محرم الحرام کے سلسلے ہونے والے اجلاس جس کی صدارت ڈپٹی کمشنر کوئٹہ اور تنظیم باڈی کے زیر صدارت ہوا جس میں کرنل ذاہد اور اے ایف سی کے اعلیٰ حکام و دیگر افسران اور شیعہ کانفرنس کے صدر داؤد آغا مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر عبدالرحیم کاکڑ ڈپٹی جنرل سیکرٹری میر یاسین میونسپل شریک ہوئے، اجلاس میں محرم الحرام اور امن وامان کے حوالے سے سب نے اپنے اپنے رائے دیے اور پچھلے سال کی طرح اس بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

PTI کے کسی غیر آئینی قدم کو عدالتی تحفظ دیا گیا تو حملہ تصور ہوگا، بلاول بھٹو

پاکستان کو پہلے بہت سے مسائل کا سامنا ہے، اگر غیر آئینی اقدامات کیے جائیں گے تو زیادہ مشکلات پیدا کیے جائیں گے

پی آر ٹی مکمل ہوا ہے تو تفتیش کی اجازت دی جائے، بلی گیٹس کی کراچی پر بات کا کریڈٹ وزیراعظم لے رہے ہیں، چیئرمین پیپلز پارٹی کی پریس کانفرنس

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو نے واضح کیا ہے کہ اگر وفاق نے سندھ میں کوئی غیر آئینی کام کیا اور اس کو عدالتی تحفظ دیا گیا تو وہ حملہ تصور ہوگا اور ہم اس کو قبول نہیں کریں گے، پاکستان کو پہلے بہت سے مسائل کا سامنا ہے، اگر غیر آئینی اقدامات کیے جائیں گے تو زیادہ مشکلات پیدا کیے جائیں گے، سارے مسائل کی جڑ این ایف سی کا حصہ مسلسل نہیں ملنے کا نتیجہ ہے، این ایف سی میں زیادہ حصہ ملے گا تو عوام کے صحت، تعلیم، مقامی حکومتوں اور دوسرے نظام میں بہترین کے لیے کام ہوگا، وفاق وہ حق دینے کو تیار نہیں، اپوزیشن نے جمہوری عمل اور نظام میں ایف اے ٹی ایف سے بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر



روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

14 اگست 2020ء

وزیراعظم نے احساس نشوونما پروگرام کا آغاز کردیا

وزیراعظم عمران خان نے سٹنٹنگ کے مرض کی روک تھام سے متعلق احساس نشوونما پروگرام کا باقاعدہ آغاز کردیا۔ نشوونما پروگرام کی تشکیل میں نوزائیدہ بچوں کے پہلے 1000 دن میں صحت اور غذا کو بہتر بنانے پر توجہ مرکوز کی گئی ہے۔ عورت کے حاملہ ہونے سے لے کر دو سال تک، یعنی پہلے 1000 دن انتہائی اہم ہوتے ہیں۔ ناقص غذا کا سب سے زیادہ نقصان خواتین کو دوران حمل اور بچوں کو ابتدائی بچپن میں ہوتا ہے۔ طویل مدتی ناکافی غذائی اجزاء اور مسلسل انفیکشن سٹنٹنگ کا باعث بن سکتے ہیں جس کے باعث بچے کی ذہنی وجسمانی نشوونما پر گہرے اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ نوزائیدہ بچوں کی غذائی حیثیت ماں کی، حمل سے پہلے، دوران اور بعد کی، غذائی حیثیت سے براہ راست منسلک ہوتی ہے۔ ایک محتاط اندازے کے مطابق پاکستان میں 40 فیصد بچے غذائی قلت اور دیگر وجوہات کی بناء پر سٹنٹنگ کا شکار ہیں جس کے نتیجے میں ان کی جسمانی وذہنی نشوونما نارمل نہیں ہو پاتی، نشوونما پروگرام کے تحت حاملہ اور دودھ پلانیوالی ماؤں اور 2 سال سے کم عمر تک کے بچوں کے لیے صحت بخش اضافی غذا کے ساشے مفت تقسیم کئے جائیں گے، مستحق صارفین کو صحت بخش غذا کی فراہمی کے ساتھ سہ ماہی نشوونما وظیفہ بھی دیا جائیگا، بچوں کیلئے 2000 روپے اور بچیوں کے لیے 1500 روپے، مستحق صارفین کی نشاندہی احساس کفالت کے تحت کی جائے گی اور نشوونما کیش وظائف کی ادائیگی صحت بخش غذا کے استعمال، حفاظتی ٹیکہ جات کے کورس اور ماں و بچے کی صحت پر مبنی آگاہی سیشن میں شمولیت سے مشروط ہوگی، احساس نشوونما پروگرام مکمل طور پر حکومت پاکستان کا فنڈڈ پروگرام ہے۔ احساس نشوونما پروگرام پہلے مرحلے میں ملک بھر کے 9 اضلاع میں شروع کیا جارہا ہے۔ ان اضلاع میں خیبر، اپر دیر، باغ، نغذر، ہنزہ، خارمنگ، خاران، بدین اور راجن پور شامل ہیں۔ ان ضلعوں کا انتخاب تمام صوبوں کے صوبائی محکمہ صحت کی مشاورت سے کیا گیا ہے۔ ملک میں 33 نشوونما مراکز قائم کئے جارہے ہیں، جہاں تحصیل کی سطح پر پروگرام کے تحت دی جانے والی صحت کی تمام سہولیات ایک ہی جگہ پر مہیا کی جائیں گی۔ وزیر اعظم نے احساس نشوونما پروگرام کا آغاز حکومت کا ایک احسن اقدام ہے اب دیکھنا یہ ہے کہ یہ اقدامات کتنے موثر ثابت ہوگے۔

ترک صدر طیب اردگان پاکستان کے مخلص دوست (آخری قسط)

لیے بھی مصروف عمل رہے اور ان کا یہ عمل ان کی تعلیم کے حصول میں کبھی آڑے نہیں آیا اور وہ بڑی محنت

شوکت ورک

اور لگن کے ساتھ تعلیم پر بھرپور توجہ دیتے رہے اور بزنس ایڈمنسٹریشن کی اعلیٰ ڈگری حاصل کی اور اپنے زمانہ طالب علمی میں وہ فٹ بال کے بڑے اچھے کھلاڑی بھی رہے اور اسی دوران نیشنل ترکش سٹوڈنٹ یونین جو ایک کمیونسٹ مخالف طلباء تنظیم تھی اس میں بھی بڑی سرگرمی سے حصہ لیتے رہے اور ان کی اس تنظیم میں منظم اور بھرپور عملی شرکت کے باعث انہیں 1976ء میں اس تنظیم کی ایک مقامی شاخ کا سربراہ بنا دیا گیا اور یہیں سے ان کے طویل سیاسی سفر کا آغاز ہوا اور رفتہ رفتہ ان میں سیاسی پختگی اور بالیدگی آتی گئی جب 1980ء میں اس وقت کی حکومت کے خلاف بغاوت ہوئی اور اسے ختم کردیا گیا اور نئے انتخابات کا اعلان ہوا تو طیب اردگان ایک فعال سیاسی جماعت ویلفیئر پارٹی میں شامل ہوگئے۔ اس پارٹی میں انکی سیاسی صلاحیتوں اور سیاسی کارکردگی کے باعث انہیں پارلیمنٹ کی ایک سیٹ پر انتخاب میں حصہ لینے کے لیے پارٹی ٹکٹ دیا گیا اور وہ بھاری اکثریت سے کامیاب ہوگئے۔

ان کی جماعت ویلفیئر پارٹی نے عام انتخابات میں باقی پارٹیوں کا صفایا کردیا مگر اس پارٹی کے جملہ مخالفین نے متحد ہوکر ویلفیئر پارٹی پر انتخابات میں دھاندلیوں کے الزامات عائد کئے اور ایک منظم سازش کے تحت ان انتخابات کو کالعدم قرار دیدیا گیا اور ویلفیئر پارٹی پر کریک ڈاؤن شروع کردیا گیا جس پر پارٹی نے ملک گیر سطح پر احتجاجی جلسے جلوس نکالنے شروع کردیئے۔ 1998ء میں طیب اردگان کو ایک عوامی جلسے میں باغیانہ نظم پڑھنے کے الزام میں گرفتار کرلیا گیا اور ان پر تاحیات سیاسی سرگرمیوں پر پابندی عائد کردی گئی اور انہیں کوئی سیاسی عہدہ رکھنے سے نااہل قرار دے دیا گیا، ان پر مقدمہ چلایا گیا جس کے تحت انہیں دس ماہ قید کی سزا دی گئی۔

ویلفیئر پارٹی مغرب کے دوہرے رویے کے خلاف تھی اس وقت سے طیب اردگان کے دل ودماغ میں مغرب کے خلاف جذبات نے جنم لیا اور وہ مغرب کے دوہرے معیار کے خلاف ہوگئے اور انہوں نے برملا مغرب کے اس دوہرے کردار کے خلاف بولنا شروع کردیا، 2001ء میں انہوں نے اپنے ایک سیاسی دوست کے ساتھ مل کر موجودہ حکومتی جماعت جسٹس اینڈ ڈویلپمنٹ پارٹی کی بنیاد رکھی اور اپنے جلسے جلوسوں میں مغرب کے دوغلے کردار کو ہدف تنقید بنانا شروع کردیا۔ وہ اپنے خطاب کے دوران بڑی شدومد کے ساتھ کہتے تھے کہ مغرب جو آزادیاں اپنے ملک اور ہم وطنوں کے لئے روا رکھتا ہے وہ ترکی کے لئے کیوں نہیں؟ پارٹی کے قیام کے ایک سال بعد 2002ء کے عام انتخابات میں ان کی جماعت جسٹس اینڈ ڈویلپمنٹ پارٹی کو بھاری اکثریت کے ساتھ کامیابی حاصل ہوئی، مگر سیاسی پابندیوں کے باعث طیب اردگان وزیراعظم نہ بن سکے۔ ماضی کی طرح ان انتخابات کو بھی کالعدم قرار دے دیا گیا اور نئے انتخابات 2003ء میں کرانے کا اعلان کیا گیا مگر اس دوران عوامی احتجاج اور مطالبے کی بنیاد پر ان پر سے سیاسی پابندیاں اٹھائی گئیں اور اردگان جسٹس اینڈ ڈویلپمنٹ پارٹی کے سربراہ بن گئے۔ 2003ء کے عام انتخابات میں انہیں بھرپور کامیابی حاصل ہوئی اور وہ پارلیمانی نظام حکومت کے باعث ملک کے پچیسویں وزیراعظم بن گئے اور 2003ء سے 2014ء تک ترکی کے وزیراعظم رہے۔

بعد ازاں جب ملک میں صدارتی نظام نافذ ہوا تو وہ 2014ء سے لے کر اب تک ترکی کے صدر ہیں۔ 13 فروری 2020ء کو طیب اردگان نے اپنی اہلیہ کے ساتھ دو دن کا پاکستان کا سرکاری دورہ کیا۔ ان کا استقبال وزیراعظم عمران خان اپنی پوری کابینہ کے ساتھ کیا۔ اس دورے کے دوران ترک صدر نے قومی اسمبلی اور سینیٹ کے مشترکہ اجلاس سے بھی خطاب کیا 2002ء سے لے کر اب تک یہ ان کا چوتھا دورہ پاکستان تھا اور بحیثیت صدر یہ ان کا دوسرا دورہ تھا۔ اس دورہ کے دوران انہوں نے اعلیٰ سطحی حکومتی مذاکرات کے علاوہ پاک ترک بزنس فورم سے بھی خطاب کیا۔ پاکستان اور ترکی ہمیشہ سے ایک دوسرے کے ساتھ برادرانہ، دوستانہ اور مخلصانہ تعلقات کے حامل رہے ہیں اور عالمی پلیٹ فارموں پر پاکستان اور ترکی میں باہمی یگانگت پائی جاتی ہے جس کی بناء پر 26 اکتوبر 2009ء میں انہیں پاکستان کا سب سے بڑا اعلیٰ سول اعزاز نشان پاکستان دیا گیا۔ فروری میں ان کے اس دورہ کے دوران لاہور میں ڈاکٹر اے کیو خان ہسپتال کے ایک وارڈ کو پاک ترک شاندار تعلقات اور طیب اردگان کی پاکستان سے مخلصانہ دوستی کی بنیاد پر ہسپتال کے چیئرمین اور معروف ایٹمی سائنسدان ڈاکٹر عبدالقدیر خان نے ایک وارڈ کو ترک صدر طیب اردگان کے نام سے موسوم کیا اور اس حوالے سے ہسپتال کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کی حیثیت سے راقم الحروف نے ہسپتال کی ڈائریکٹر عائشہ نذیر اور اقبال حسین لکھویرا کے ہمراہ پاکستان میں ترک سفیر احسان مصطفیٰ یوردائل سے اسلام آباد میں قائم ترکی کے سفارتخانے میں ملاقات کی اور انہیں اس امر سے آگاہ کیا۔ جس پر ترک سفیر نے شکریہ ادا کیا اور انہوں نے ترک صدر طیب اردگان کو بھی اس حوالے سے مطلع کردیا ہے۔ دنیا بھر میں مسلمانوں پر ظلم اور زیادتی ہورہی ہو تو طیب اردگان کھلم کھلا اس کی مخالفت کرتے ہیں اور مظلوم مسلمانوں کے ساتھ بھرپور یکجہتی کا مظاہرہ اور ہمدردی کرتے ہیں۔ مسئلہ کشمیر ہو یا فلسطین طیب اردگان نے ہر دو مسائل کے حل کے لیے پوری دنیا پر زور دیا ہے اور جس طرح بھی ممکن ہوا ان کی تائید اور حمایت کی ہے۔ بالیں وجہ عالم اسلام میں ان کو قدر و منزلت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔

جنرل امیر حمزہ خان مرحوم کی یاد میں! (آخری قسط)

میں تعلیماً اٹھ کھڑا ہوا۔ گفتگو کا سلسلہ چلا تو فرمانے لگے: "میں نے آپ کا پروفیشنل میگزین دیکھا ہے۔ میں بھی اس میں لکھنا چاہتا ہوں ——— کیا اجازت

لیفٹیننٹ کرنل (ر) غلام جیلانی خان

ہے؟" میں نے حیرت اور مسرت کا اظہار کیا ——— اس طرح انہوں نے "پاکستان آرمی جرنل" میں دفاعی امور پر لکھنا شروع کیا اور اپنی وفات تک لکھتے رہے۔ میری ایک کتاب: "انفنٹری: ملکہ جنگ" کا پیش لفظ بھی انہوں نے لکھا ——— 1971ء کی پاک بھارت جنگ میں وہ 105 انڈی پنڈنٹ بریگیڈ گروپ کے کمانڈر تھے۔ ان ہی کی ایک یونٹ (6 ایف ایف) نے سلیمانکی فرنٹ پر دشمن کے دانت کھٹے کئے اور میجر شبیر شریف شہید کو اسی محاذ پر "نشان حیدر" کا اعزاز عطا ہوا۔ جنرل صاحب خود "ہلال جرات اور ستارۂ جرات" کے اعزازات کے حامل تھے ——— سراپا سولجر، حب وطن، اسلام کے شیدائی اور قرآن کریم تو گویا ان کو پورا حفظ تھا۔ ملتان کینٹ (38 قاسم روڈ) کے رہنے والے تھے۔ متعدد بار ان سے ملاقات کا شرف حاصل رہا اور پہروں پاکستان کے دفاعی امور پر گفتگو رہتی۔ اگر خود ستائی تصور نہ فرمائیں تو ان کے پیش لفظ کے چند فقرات ——— : "کرنل غلام جیلانی خان صاحب کا تعلق انفنٹری سے نہیں لیکن انہوں نے انفنٹری کے ماضی اور اس کے تدریجی ارتقا پر جو کچھ لکھا ہے وہ ان کی تحقیقانہ کاوش اور پیشہ ورانہ سوجھ بوجھ کا آئینہ دار ہے۔ جو تاریخی حقائق اس کتاب میں لکھے گئے ہیں وہ نہ صرف قابل ستائش ہیں بلکہ ہم جیسے انفنٹری سے تعلق رکھنے والوں کے لئے باعث حیرت بھی ہیں۔ مصنف کے علمی اور تحقیقی کام اور زبان وبیان کو دیکھ کر معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے یہ کام برسوں کی ریاضت کے بعد مکمل کیا ہوگا"۔

انہوں نے ریٹائرمنٹ کے بعد تبلیغی جماعت جوائن کر لی اور اپنی وفات تک یہ ساتھ نبھایا۔ ان سے میری کئی ملاقاتیں ذکریہ مسجد، راولپنڈی اور G-7 اسلام آباد کی جامع مسجد میں ہوئیں یا پھر وہ غریب خانے (ڈیفنس کالونی، ڈھوک، چوہدریاں راولپنڈی) پر تشریف لاتے۔ خدا ان کی روح کو کروٹ کروٹ جنت نصیب کرے (آمین)

میں نے ایک ملاقات میں جسارت کرکے ان سے یہ پوچھ لیا کہ آپ جیسا Decorated سولجر جو ہلال جرات اور ستارۂ جرات جیسے بہادری کے اعزازات کا حامل ہو وہ بعد از ریٹائرمنٹ تبلیغی جماعت میں کیسے چلا گیا؟ اور اس جماعت کا وہ سحر کیا ہے کہ کئی ریٹائرڈ سینئر آفیسرز اس میں چلے جاتے ہیں؟ ——— انہوں نے میرا سوال نہایت تحمل سے سنا اور کہا: "جیلانی صاحب! میں نے ساری عمر فوج میں گزاری اور جن اعزازات کا آپ نے نام لیا وہ پاک آرمی نے مفت میں میری جھولی میں نہیں ڈال دیے۔ لیکن میں سمجھتا ہوں کہ آج پاک فوج کے ہر فرد کو یہ نکتہ سمجھنے کی ضرورت ہے کہ "ہم خدا کو بھول چکے ہیں اور اس لئے خدا بھی ہم کو بھول گیا ہے" ——— مجھے ان کا یہ فقرہ سن کر برسوں پہلے خضدار کے تین مہمانوں کی یاد آئی جنہوں نے عین مین یہی الفاظ اس روز عشا کی نماز کے بعد اپنے خطاب میں کہے تھے! ———

میں نے اس فقرے کی تشریح اور وضاحت چاہی تو وہ ڈیڑھ دو گھنٹے تک بولتے رہے۔ کلام اقبال کے شیدائی تھے۔ ایک شعر پڑھا:

متاع بے بہا ہے درد و سوز آرزو مندی
مقام بندگی دے کر نہ لوں شان خداوندی

اور پھر کہا کہ "مقام بندگی" مقام خداوندی سے اولیٰ تر ہے"۔ میں نے ان کو کہا کہ یہ "جملہ" خدا کے حضور گستاخی ہے۔ کہنے لگے: "نہیں گستاخی نہیں، انتہائی عجز و انکساری ہے۔ خدا نے اچھا کیا کہ انسان کو سکون سے محروم رکھا۔ خدا اور بندے میں تفریق کرنے کے لیے سکون و راحت کا وجود اور عدم وجود ایک واٹر شیڈ ہے"۔

میں گھر آیا تو جنرل صاحب کی گفتگو کے زیر اثر ذیل کی آزاد نظم موزوں ہوئی جو پیش قارئین ہے ——— اس کا عنوان میں نے "تازہ و نیاز" رکھا تھا:

معاشرتی اقدار، قربانیاں اور آزادی کی نعمت

ہم پاکستانی جس سے محبت کرتے ہیں اسے آسمان کی بلندیوں تک پہنچا دیتے ہیں، ویسے تو ہم نفرت کرنے

فیخ خالد زاہد

والے لوگ ہیں نہیں لیکن جس سے کرتے ہیں اسے پاتال کی گہرائیوں میں دفن کردیتے ہیں۔ اب وہ کوئی کھیل بھی ہوسکتا ہے، چاہے وہ کوئی فرد ہو، وہ کوئی تفریح یا تفریح گاہ ہو یا پھر وہ کوئی روایت ہو۔ ندیم باشمی صاحب کا یہ شعر پاکستانی مزاج کی حقیقی ترجمانی کرتا ہے کہ

محبت ہو تو بے حد ہو، نفرت ہو تو بے پایاں
کوئی بھی کام کم کرنا مجھے ہرگز نہیں آتا!

بدقسمتی سے ہمارا یہ قومی مزاج جو کہ کبھی کبھی جنونیت کی شکل بھی اختیار کرلیتا ہے، بغیر حقیقت جانے بغیر تحقیق کے کتنی ہی زندگیوں کو نگل چکا ہے، ہمیں سب سے پہلے جب بھی رمضان آتا ہے تو سیالکوٹ میں ہجوم کے ڈنڈوں سے قتل ہونے والے دو بھائیوں کا خیال ضرور آتا ہے، پھر عبدالولی خان یونیورسٹی، مردان کے مشال خان کا بھی خیال آجاتا ہے، ابھی تازہ ترین واقع ملازم پر کتے چھوڑنے والا ہے اور معلوم نہیں ایسے کتنے ہی ہیں جنہیں ہم سب کسی نا کسی طرح سے جانتے ہیں اور کتنے ہی ایسے واقعات دور دراز علاقوں میں ہوتے ہیں کہ جن تک ہماری یا کسی بھی قسم کے ابلاغ کی رسائی نہیں ہے۔ مذکورہ واقعات جنونیت کی زد میں آتے ہیں چاہے وہ فرد واحد کی جنونیت ہو یا پھر واحد سے تبدیل ہوکر اجتماعی جنونیت میں منتقل ہوجائے۔ تاریخ گواہ ہے کہ طاقتور کمزور کو کھا جانے کی چاہ میں مبتلا رہا ہے اور مفادات کی خاطر کمزور طاقتور کی غیر مشروط حمایت بھی کرتا دیکھائی دیتا ہے جو کہ آج اکیسویں صدی میں بھی دیکھا جارہا ہے۔ لیکن ایک ایسی قوت ہے جو ہمیشہ سے طاقتور کو کمزور کرنے کیلئے جدوجہد کرتی رہی ہے جسے تحریک آزادی کے نام سے جانا جاتا ہے۔ (جاری ہے)

قوم کی طرف سے جشن آزادی مبارک ہو مگر قوم پوچھتی ہے۔

مجھے اپنی تاریخ کے جھروکوں پر فخر ہے مجھے ہندوستان سے علحدگی اور اس کے بعد اسلام کے نام پر حاصل کی جانے والے مملکت پاکستان سے محبت تھی محبت ہے

محمد صدیق مینگل

اور انشاء اللہ تادم مرگ محبت رہیگی کیونکہ کوئی سرزمین کسی قوم کی بقا اور عزت کی ضمانت ہوتی ہے بانی پاکستان محمد علی جناح، لیاقت علی خان کی جدوجہد آزادی پر یقین ہے وہ بہنیں مائیں بھائی بہو بیٹیاں میری تھی، جنہوں نے جوانیاں لوٹائی عزتیں گنوائیں صعوبتوں میں پڑ گئی مگر خندہ زن رہے خوش رہے پر امید رہے ملک حاصل کیا اسلام زندہ باد اور پاکستان زندہ باد کے پر جوش نعرے لگائے،،، مگر ایک سوال ہے پوری قوم کا یہ سوال ہے کہ وہ دشمن کون تھے جو ان کے صفوں میں پوشاں تھے بلکہ ابھی پوشاں ہیں اور ان کی گندی نسل مملکت کی نظریاتی و جغرافیائی سرحدوں کو دیمک کی طرح چاٹ رہی ہے جنہوں نے بانی پاکستان کو نہیں بخشا وہ دشمنان قوم مرحوم لیاقت علی خان جیسی مخلص قیادت کو سر عام قتل کیا آخر آپ کے قاتل کیوں نہیں پکڑے گئے آج تک ان کے بارے میں قوم کو کیوں کوئی علم و معلومات نہیں دی جارہی ہے، پوری قوم یہ مطالبہ کرتی ہے کہ ابھی آزادی کی ثمرات سے ہمیں کیوں کر محروم رکھا جارہا ہے اسلامی جمہوری پاکستان تو ہندوستان کے مسلمانوں کی خون سے کھینچی گئی لکیر تھی ان کی لہو کا لاج کیوں رکھا نہیں جارہا ہے 73 سال گذرنے کے باوجود یہاں جمہوریت کیوں کر مستحکم نہیں ہوسکی ہے، اسلام کے نام پر بننے والی مملکت میں اسلام کا نظام عدل کیونکر نافذ نہیں کیا جاسکا ہے، جمہوریت کی استحکام اور اسلام نظام کی راہ میں کون ہیں جو رکاوٹ ہیں، عقیدہ ختم نبوت اسلام کا جزء اعظم ہے کسی اسلامی ریاست کا بنیادی خدوخال بھی ہے، عقیدہ ختم نبوت پر اسلامی مملکت پاکستان میں کیونکر بار بار حملے کئے جارہے ہیں، قادیانی کون تھے کون ہیں ہماری ملک میں اہم مناصب پر کیوں براجمان ہیں، پاکستان تو ایک خالص ریاست تھی مگر اس ملک میں زندگی مشکل کیوں بنادی گئی ہے یہ تو 22 کروڑ مسلمانوں کا ملک ہے مگر اس کی معیشت و حکومت پر 22 خاندان کیوں مسلط ہیں ان کو سپوٹ کون رہا ہے یہاں پر انصاف تعلیم وصحت کے دہرے معیار کیوں ہیں جبکہ اسلامی و جمہوری مملکت میں تمام شہریوں کے حقوق یکسان اور ایک جیسی ہوتی ہیں ہم نے اپنے بہن بھائیوں کی خون کے صدقے برطانیہ کی سامراج سے آزادی حاصل کی تھی اس برطانیہ کا دوسرا سامراجی بھائی امریکہ کو ہماری معیشت سیاست وحکومت کے بارے میں کیوں کر اختیار حاصل ہے، ملک کو امریکہ کا کالونی بنانے والے کون ہیں یہاں خون کی ندیاں بار بار قومی لسانی تعصب اور مذہبی فرقہ واریت کو ہوا دیکر کیوں بہائی جاتی ہیں، پاکستان کو تن تنہا کرنے والے کون ہیں یہاں کن کے عیاشیوں نے مہنگائی کی طوفان کھڑا کردیا ہے، عام شہریوں کو اپنی زندگی اور اپنے پیاروں کی زندگی سے کن لوگوں کے استیصالی پالیسیوں نے بے زار کردیا ہے یہ وہ سوال ہیں کہ جشن آزادیٔ پاکستان کے مسرت موقع پر پاکستان کا ہر شہری ہر مرد و زن بوڑھا اور جوان ارباب اقتدار سے کرنے کا حق رکھتی ہے اور پوچھ رہا ہے کہ اسلامی مملکت میں حیا اور عفت نصف ایمان ہوتی ہے وہ کون تھے جو تین مہینے تک ڈی چوک پر قوم کی بیٹیوں کو بے آبرو کرتے رہے اور بے حیائی کی سیڑھی پر چڑھ کر اقتدار کی کرسی حاصل کی، پوری قوم پوچھ رہی ہے اور پوری قوم کی یہ آواز ہے کہ ہمیں وہ پاکستان کب ملیگا جو محمد علی جناح کا پاکستان ہے، جو لیاقت علی خان کی جدوجہد تھی برصغیر کے لاکھوں مسلمانوں کی خواہش تھی، ان کے خون کی قیمت تھی ایسی پاکستان جو بے راہ رویوں میں گھری ہوئی ہوفحاشی کے طوفانوں میں پھنسی ہوئی ہو، مہنگائی میں ڈوبی ہوئی ہو ہرگز برصغیر کے مسلمانوں کے ارمانوں کے مطابق نہیں ہوسکتی ہے یہ سب کچھ پاکستان و مسلمانوں کے ازلی دشمنوں کی کارستانی ہے جو روز اول سے تا امروز پاکستان میں ہیں پاکستان میں کھا پی رہے ہیں لیکن ملک وملت کے خلاف خطرناک سازشوں میں مصروف بھی ہیں،،، البتہ آپ یہود کو سب سے زیادہ مسلمانوں کے لئے بغض رکھنے والے پاؤگے (القرآن) (اور قریب ہے کہ ان یہود کی مکر و فریب کی وجہ سے مضبوط پہاڑ اپنی جگہ سے ہٹ جائیں (القرآن)

پاکستانی پرچم سے اونچا کوئی دوسرا پرچم نہیں لہرانا چاہیے

الحمدللہ پاکستان کے قیام کے 73 سال مکمل ہوچکے ہیں اور پوری قوم 74 واں یوم آزادی جوش وجذبہ سے منانے کی تیاریوں میں مصروف ہے۔ اس موقع پر سکول، دفاتر، گھروں، دکانوں، گلیوں اور محلوں کو

عابد عمر
جنرل نالج بلوچستان

جھنڈوں اور جھنڈیوں سے سجایا جاتا ہے۔

ایسے موقع پر ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم اپنی نئی نسل کو جھنڈے کی اہمیت اور احترام سے روشناس کرائیں، کیونکہ ہم اکثر دیکھتے ہیں کہ ہمارے بچے، نوجوان جھنڈے کی بے حرمتی کرتے نظر آتے ہیں کیونکہ انہیں علم ہی نہیں ہوتا کہ کسی بھی ملک کے جھنڈے کے احترام کے تقاضے کیا ہیں۔۔۔

آیئے سب تک پہنچائیں کہ پرچم کے احترام کے تقاضے کیا ہیں۔ قومی پرچم کسی بھی ملک وقوم کا شناختی نشان ہوتا ہے جو اس ملک کے نظریے کو بیان کرتا ہے۔ قومی جھنڈا کپڑے کا ایک ٹکڑا نہیں ہوتا بلکہ جھنڈا کسی بھی ملک کی آزادی، حریت اور مساوات کا ضامن ہوتا ہے۔۔۔

قومی پرچم ہر لحاظ سے قابل احترام ہوتا ہے، آزاد قومیں اپنے پرچم کی عظمت کے لئے کسی قسم کی قربانی دینے سے نہیں ہچکچاتی ہیں۔ پاکستان کا جھنڈا بھی ہماری آزادی وخودمختاری کا علمبردار ہے اور اس کے احترام کے کچھ تقاضے ہیں جن کا جاننا ہم سب کے لئے ضروری ہے۔۔۔

پاکستانی پرچم سے اونچا کوئی دوسرا پرچم نہیں لہرانا چاہیے، پرچم کسی کار، موٹر سائیکل، ریل گاڑی یا کشتی کے بڈ پر لہرایا جاتا ہے، بالائی سطح یا پچھلے حصے پر ہرگز نہیں لہرایا جاتا ہے۔۔۔

اگر قومی پرچم کسی دوسرے پرچم کے ساتھ لہرایا جائے تو پاکستان کا پرچم دائیں جانب ہو، شیلڈ کے اوپر پرچم دکھاتا ہو اور دیگر جھنڈوں کی تعداد طاق ہو تو پاکستانی پرچم عین وسط میں اونچی سطح پر ہونا لازمی ہے اور اگر جھنڈوں کی تعداد جفت ہو تو شیلڈ کے طغرے کے دائیں طرف پاکستانی پرچم ہو۔۔۔

جلوسوں میں قومی پرچم اگلی قطاروں کے درمیان میں یا دائیں طرف ہو، کسی اجلاس یا میٹنگ میں قومی پرچم مقرر کے پیچھے، سر سے اونچا لگانا چاہیے۔ گلی میں لٹکاتے ہوئے جھنڈے کا سفید حصہ اوپر کی طرف ہو، قومی پرچم کو زمین سے مس نہیں کرنا چاہیے۔۔۔

پرچم ایسی جگہ نہیں لہرانا چاہیے جہاں اس کے پھٹنے یا خراب ہونے کا اندیشہ ہو۔ قومی پرچم کمر کے گرد نہیں لپیٹنا چاہیے۔ قومی پرچم طلوع آفتاب سے غروب آفتاب تک لہرایا جائے تاکہ رات کا اندھیرا اس پر نہ پڑے۔۔۔

قومی پرچم کی اہمیت اور ادب واحترام کے بارے میں نئی نسلوں کا آگاہ کرنا بہت ضروری ہے تاکہ اب تک جو غلطیاں ہم سے سرزد ہوتی رہی ہیں پرچم کے حوالے سے وہ ہماری آنے والی نسلیں نہ کریں۔

کپتان کی حکومت یا مافیا کی حکمرانی۔۔؟

کہتے ہیں ایک میراثی کا دس سالہ بیٹا جو بڑا لاڈلہ تھا نے ایک بار ماں کی گود میں سر رکھتے ہوئے پوچھا۔ اماں۔ اگر یہ چوہدری کرامت علی مرگیا تو پنڈ کا وڈا چوہدری کون بنے گا۔ اماں نے کہا اس کا چھوٹا بھائی

عمر خان جوزوی

شرافت علی۔ بیٹے نے پھر پوچھا: اگر شرافت علی بھی مرگیا تو۔۔؟ ماں بولی: اس کا بیٹا چوہدری شجاعت علی۔ بیٹے نے پھر سے پوچھا۔ ماں اگر شجاعت علی بھی مرگیا تو۔۔؟ ماں بولی: اس کا بیٹا چوہدری نادر علی۔ بیٹے نے کچھ دیر سوچتے ہوئے پھر پوچھا۔ اماں اگر چوہدری نادر علی بھی مرگیا تو۔۔؟ ماں پہلے مسکرائی۔ پھر نم آنکھوں کے ساتھ بیٹے کا بوسہ لیتے ہوئے کہنے لگی۔ پتر: یہ سارے بھی مرجائیں تو پھر بھی تم پنڈ کے چوہدری نہیں بن سکتے۔ یہی حال اس ملک میں ہم جیسے غریبوں کا ہے۔ تحریک انصاف کی حکومت میں ہم سمجھ رہے تھے کہ اور کچھ ہو یا نہ لیکن اس حکومت میں کم از کم کسی پنڈ کا چوہدری تو کوئی غریب بن ہی جائے گا لیکن افسوس ہم سوچتے رہ گئے اور بات وہی میراثی کی اماں والی نکلی۔ اب واقعی ہمیں یقین ہوگیا کہ یہ سارے چوہدری، خان، نواب، وڈیرے، رئیس اور سائیں اگر مر بھی جائیں تو تب بھی اس ملک میں یہ غریب کسی پنڈ کے چوہدری، خان، نواب، رئیس، وڈیرے اور سائیں نہیں بن سکتے۔ شریف، زرداری، مخدوم، قریشی، سردار، خان، نواب، چوہدری اور رئیس تو سیاست کو باپ دادا کی جاگیر سمجھ کر اسے میراث کے طور پر اپنوں اور خاندان والوں میں تقسیم کرتے رہے لیکن میرے کپتان تو ان سب میراث خوروں سے مختلف بہت ہی مختلف تھے۔ وہ تو سیاست کو باپ دادا کی جاگیر سمجھنے والوں پر نہ صرف دن میں ہزار بار لعنت بھیجتے تھے بلکہ وہ اس خود ساختہ سیاسی میراث کی تقسیم کو بھی ایک ناقابل معافی وناقابل جرم اور حرام قرار دیتے رہے۔ لیکن یہ کیا۔۔؟ اقتدار میں آنے کے بعد تو وہی کپتان جو کبھی ڈی چوک میں کھڑے ہوکر مسلم لیگ ن، پیپلز پارٹی، اے این پی، جے یو آئی اور دیگر سیاسی جماعتوں اور ان کے لیڈروں پر اربوں کھربوں کے الزامات اور تیر برساتے رہے اسی کپتان نے اربوں کو چین چن کر اپنا نواز اکہ اف تو یہ۔ عمران خان کی حکومت میں بھی غریب تو پنڈ کے چوہدری نہیں بن سکے لیکن باہر سے آنے والے پورے ملک کے چوہدری بن گئے۔ وزیراعظم عمران خان جب تک ڈی چوک اور ویٹنگ چوک میں تھے تب تک یہ امید کی جاری تھی کہ آج نہیں تو کل غریب کا بیٹا ضرور کسی نہ کسی طریقے سے پنڈ کا چوہدری بن ہی جائے گا لیکن عمران خان کے وزیراعظم بننے اور ملک میں تحریک انصاف کی حکومت آنے کے بعد اب نہ صرف یہ امید ہمیشہ ہمیشہ کے لئے دم توڑ چکی ہے بلکہ ساتھ غریبوں کی ایک اور بڑی غلط فہمی یا خوش فہمی بھی دور ہوگئی ہے۔ کل تک اس ملک کے غریب یہ سمجھ رہے تھے کہ شریفوں، زرداریوں، چوہدریوں اور رئیسوں سے جان چھوٹنے پر ان کے حالات بدل جائیں گے لیکن ملک میں پہلی بار شریفوں، زرداریوں، چوہدریوں اور رئیسوں سے باہر کے ایک کپتان کی حکمرانی نے یہ بات بھی ثابت کردی ہے کہ اس ملک کے حکمران چاہے شریف ہوں، زرداری ہوں، چوہدری ہوں، رئیس، خان اور نواب ہوں یا پھر کوئی ایک عام کپتان۔ اس ملک میں غریبوں کے جو حالات پہلے تھے وہی بعد میں بھی رہیں گے۔ البتہ اس سے بدتر ہونے میں آج کی طرح دیر نہیں لگے گی۔ آج اس ملک میں غریبوں کی جو حالت ہے ایسی حالت تو ان شریفوں، زرداریوں اور رئیسوں کے دور میں بھی نہیں تھی۔ مانا کہ سیاسی چوہدریوں کے ان ادوار میں (جاری ہے)

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر یہ ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

ذرا جرآت کے ساتھ

دو شیروں کے لڑائی میں محکمہ لوکل گورنمنٹ تباہی کے دھانے پر بلوچستان کے تمام علاقوں میں مختلف اقوام

میر اسلم رند

برادری اور سرداروں کے درمیان ہمیشہ سیاسی مقابلہ رہتا ہے جس کی وجہ سے کئی علاقوں میں قبائلی دشمنیاں تک جنم لیں چکے ہیں اور کئی علاقوں میں آپس کے رشتے داریوں کے باوجود شدید سیاسی اختلافات موجود ہے ان سیاسی اختلافات کی وجہ سے قبائلی سرداروں اور وڈیروں کو تو کوئی فرق نہیں پڑتا لیکن سارا نزلہ عوام پر گرتا ہے اس سیاسی اختلافات کی وجہ سے وہاں کے عوام عدم توجہ کا شکار ہوجاتے ہیں یہی وجود ہیں جس کی وجہ سے بلوچستان آج دوسرے صوبوں کے نسبت 100 سال پیچھے ہے ایک طرف انسرجنسی دوسری طرف بے روگاری ہمارے ان دو شیروں کے اختلافات کی وجہ سے بے روزگار نوجوان بے راہروی کا شکار ہوسکتے ہیں جس کی مثال ضلع لسبیلہ آپ سب کے سامنے ہیں 2018 میں الیکشن باپ پارٹی میں وزیر اعلیٰ کے تین امیدوار سامنے آئے تھے ایک موجودہ وزیر اعلیٰ پرنس جام کمال دوسرا سردار صالح محمد بھوتانی تیسرے امیدوار جناب جان محمد جمالی صاحب تھے اس وقت پرنس جام کمال عالیانی کا لاٹری تو نکل آیا لیکن سردار صالح محمد بھوتانی صاحب نے اسے تسلیم نہیں کیا وہ اس وجہ سے کہ سردار صالح بھوتانی صاحب کا گروپ مضبوط سمجھا جاتا تھا جان جمالی صاحب نے بھی بہت کوششیں کی لیکن کامیاب نہیں ہوسکے حالانکہ

شال بقیہ 1

کی زیر صدارت سینٹل کوآرڈینیشن کمیٹی برائے ہاؤسنگ، کنسٹرکشن اینڈ ڈویلپمنٹ کا ہفتہ وار اجلاس ہوا جس میں وزیر اطلاعات سینیٹر شبلی فراز، معاون خصوصی برائے بیرون ملک پاکستانی سید ذوالفقار عباس بخاری، متعلقہ وزارتوں کے سیکرٹری صاحبان، چیئرمین نیا پاکستان ہاؤسنگ اتھارٹی، گورنر اسٹیٹ بنک، چیئرمین ایف بی آر و دیگر سینئر حکام جبکہ چیف سیکرٹری صاحبان نے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔ معروف کاروباری شخصیات عارف حبیب، متین کریم ڈھیڈی، محسن شیخانی اور حسن بخشی نے بھی اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس میں ایف بی آر کی جانب سے تعمیرات کے شعبے میں فراہم کی جانے والی سہولت کاری اور نئے اقدامات، صوبہ بلوچستان میں تعمیرات کے شعبے میں نئے منصوبے، وفاقی دارالحکومت بلیو ایریا میں پلاٹوں کی نیلامی اور دیگر اہم امور پر بریفنگ دی گئی چیئرمین ایف بی آر نے وزیر اعظم کو بتایا کہ ایف بی آر نے ٹیکس گزاروں کی سہولت کاری کے لئے تعمیراتی منصوبوں، ڈویلپرز اور بلڈرز کے لئے آن لائن رجسٹریشن کا نظام متعارف کرایا ہے۔ جس سے تعمیرات کے شعبے میں ٹیکس دہندگان کو خاطر خواہ آسانی میسر آئے گی۔ اس اقدام کی میڈیا و دیگر ذرائع سے تشہیر کی جارہی ہے۔ اس کے علاوہ ایف بی آر کی جانب سے ویب ٹارگٹ بھی انعقاد کیا جارہا ہے۔ چیئرمین ایف بی آر نے بتایا کہ اس وقت تک چالیس منصوبے رجسٹرڈ ہو چکے ہیں جب کہ 4812 منصوبوں کی رجسٹریشن پر کام جاری ہے۔ چیف سیکرٹری بلوچستان نے وزیر اعظم کو بتایا کہ وزیر اعظم کی ہدایات کی روشنی میں این او سیز و دیگر منظوریوں کے عمل کی مدت کو کم کرکے تیس دن کردیا گیا ہے۔

شال بقیہ 2

کام کرنا ہوگا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اس وقت وطن عزیز کو اندرونی و بیرونی چیلنجوں اور دہشت گردی کی عفریت کا سامنا ہے، ملک دشمن قوتیں بدامنی پھیلا کر پاکستان کو کمزور اور غیر مستحکم کرنا چاہتی ہیں تاہم اپنی صفوں میں مکمل اتحاد و اتفاق قائم کرکے ہم دشمنوں کے ناپاک عزائم ناکام بنا سکتے ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ قائداعظم محمد علی جناح کے فرمودات اور شاعر مشرق ڈاکٹر محمد علامہ اقبال کی فکر کو مشعل راہ بنا کر ہم پاکستان کو ایک عظیم اسلامی مملکت بنا سکتے ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ جشن آزادی کے موقع پر ہمیں اپنے ان شہداء کو بھی خراج عقیدت پیش کرنا چاہئے جنہوں نے قیام پاکستان سے اب تک ملک کے دفاع اور امن کے لئے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کئے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اگر اب بھی ہم ماضی سے سبق سیکھ کر اپنے ملک کی تعمیر و ترقی میں اپنا کردار نہ کرسکے تو آنے والی نسلیں ہمیں کبھی معاف نہیں کریں گی، وزیر اعلیٰ نے کہا کہ وہ ملک اور صوبے کی ترقی اور عوام کی خوشحالی کے لئے دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ ہمیشہ ہمارے ملک کو سرسبز و شاداب اور شاد آباد رکھے، آج کے دن کی مناسبت سے ملک و قوم کے تحفظ اور امن کے قیام کے لئے جانوں کے نذرانے پیش کرنے والے شہداء کو خراج عقیدت بھی پیش کرتے ہیں اور اپنے کشمیری بھائیوں کی تحریک آزادی کے کامیابی کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہیں، وزیر اعلیٰ نے دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیشہ پاکستان کی حفاظت فرمائے اور اسے تعمیر و ترقی کی راہ پر گامزن رکھے۔

شال بقیہ 3

مظاہرہ نہیں کرسکتے اور نہ ہی اپنے بنیادی حقوق کا دفاع کرسکتے ہیں صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو کا کہنا تھا کہ یوم آزادی پاکستان کے دن ہم یہ عہد کرتے ہیں کہ ہم اپنے تن من دھن کی بازی لگا کر بھی اس وطن عزیز کو ترقی کی راہ پر گامزن کرتے ہوئے ایمان اتحاد اور تنظیم کی پاسداری کریں گے۔ عرض پاک کی ترقی و خوش حالی کیلئے ضروری ہے کہ ہم مل کر مشترکہ کوششیں کرتے ہوئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں، اس دن کی تقریبات جیسا کہ پرچم کشائی، قومی ترانہ، پریڈ، تقسیم اعزازات اور تقاریر کے انعقاد کا مقصد ہی یہی ہوتا ہے کہ ہم اپنے عہد وفا میں نئی جان ڈال کر ایک نئے جوش و جذبے سے ملک و قوم کی خدمت کریں۔

شال بقیہ 4

خلاف آواز اٹھ رہی ہے، مقبوضہ کشمیر میں یو این مبصرین یا بین الاقوامی میڈیا کو جانے کی اجازت نہیں، کراچی اسٹاک ایکسچینج پر ناکام حملہ ہو یا دہشت گردوں کے لیے منی لانڈرنگ ان تمام کے تانے بانے بھارت سے ملتے ہیں، بھارت کے ہمسایوں کیخلاف جارحانہ عزائم علاقائی امن کیلئے خطرہ ہے، کلبھوشن یادیو پر کوئی ڈیل نہیں ہورہی ہے، افغانستان میں امن کا مطلب ہے پاکستان میں امن و امان، امید ہے افغان امن عمل کا معاملہ جلد کامیابی سے ہمکنار ہوگا، پاک افغان سرحدی علاقے میں 90 فیصد باڑ کا کام مکمل کرلیا ہے، احسان اللہ احسان کا ویڈیو میں دعویٰ قطعاً بے بنیاد ہے، احسان اللہ کے فرار ہونے کے ذمہ داران کے خلاف تادیبی کارروائی کی جارہی ہے، ملک دشمن عناصر بلوچستان میں امن خراب کرنے کے درپے ہیں، ہمارے سکیورٹی ادارے مذموم عزائم کو ناکام بنانے کیلئے دن رات مصروف عمل ہیں، اس حوالے سے بہت پیشرفت ہوئی ہے، مناسب وقت پر آپ کے ساتھ شیئر کی جائیگی، سعودی عرب سے تعلقات بہترین ہیں اور رہیں گے، کسی کو مسلم دنیا میں سعودی عرب کی مرکزیت پر کوئی شبہ نہیں ہونا چاہیے، ہی پیک کی سکیورٹی ہماری ذمہ داری ہے جس پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ جمعرات کو یہاں میڈیا سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ امسال اب تک بھارت نے ایک ہزار 927 مرتبہ سیز فائر معاہدے کے خلاف ورزی کی۔ میجر جنرل بابر افتخار نے کہا کہ بھارت ریاستی دہشت گردی کے ذریعے مقبوضہ کشمیر میں ایک سال سے نسل کشی اور مقبوضہ (نقطے) میں انسانی حقوق کی پامالی کررہا ہے۔

شال بقیہ 5

ملک کے جو حالات ہیں وہ اس بات کا تقاضہ کرتے ہیں کہ پوری قوم ایک مرتبہ پھر اپنے آپ میں وہی جذبہ، اتحاد و اتفاق اور یکجہتی پیدا کرے جس کا مظاہرہ تحریک پاکستان کے دوران کیا گیا تھا تاکہ ہم سب مل جل کر اور اپنے باہمی اختلافات کو بھلا کر ملک کی سالمیت اور تعمیر و ترقی کیلئے کام کریں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ اس ملک کو اپنی حفاظت میں رکھے اور ہمیں اپنے وطن کی خدمت کرنے کی ہمت اور توفیق عطا فرمائے۔

شال بقیہ 6

کہنا تھا کہ گزشتہ رات ضلع واشک کی تحصیل ہسیمہ میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کئے گئے جس کے نتیجے میں کچھ مکانات کو نقصان پہنچا، نقصانات کا جائزہ لیا جارہا ہے، ترجمان صوبائی حکومت کا کہنا کہ صحت کیشعبہ پر حکومت کا بھرپور فوکس ہے، صحت کے بجٹ میں اس بار 11 فیصد اضافہ کیا گیا ہے، اس شعبے میں غیر ترقیاتی بجٹ میں 32 فیصد اضافہ کیا گیا، نو اضلاع میں ڈائیلاسز مشینیں نصب کردی گئی ہیں۔

شال بقیہ 7

جو 14 اگست کو خراب کرنے کے لئے صوبے میں دہشتگردی کی کاروائیاں کروا رہا ہے ہم نے دشمن کے کارندے اور ایجنٹس گرفتار کئے ہیں جلد ہی دہشتگردی پر قابو پالیا جائیگا، انہوں نے کہا کہ اگر کسی کو کوئی گلہ شکوہ یا تنقید کرنی ہے تو وہ حکومت سے بات یا حکومتی نمائندوں پر تنقید کریں پاک فوج کو پنجاب کی فوج کہنے پر عوام نے شدید غم و غصے کا اظہار کیا ہے جس کی وجہ سے ہم نے پریس کانفرنس کرکے ایک رکن اسمبلی کے بیان کی مذمت کی ہے اور عوام کے جذبات کی نمائندگی کی ہے، انہوں نے کہا کہ اداروں کو بدنام کرنے کی بجائے ہمیں ایک دوسرے پر اعتماد بحال کرنے کرنے کے لئے اقدامات کرنے چاہئیں، پاک فوج نے دہشتگردی کے خلاف جنگ، سیلاب، زلزلے سمیت ہر محاذ پر قوم کا ساتھ دیا ہے اور اپنی جانوں کا نذرانہ دیکر ملک کا دفاع اور دہشتگردی کی شکست دی ہے۔

شال بقیہ 8

گا، پی پی پی ن لیگ ابھی تک ہمارے تحفظات دور نہیں کرپائی، اپوزیشن کی بڑی جماعتیں رابطہ کررہی ہیں، جب تحفظات دور ہوجائیں گے تو اے پی سی بھی ہوجائے گی۔ جمعرات کو یہاں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ پارلیمنٹ میں جو قانون سازی کی جارہی ہے اس پر بے یو آئی کا ایک موقف رکھا، ان بلز کی بے یو آئی نے مخالفت بھی کی اور پاکستان کے مفاد کی قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ ارکان پارلیمنٹ کو مشاورت کا وقت دیا جاتا ہے۔

شال بقیہ 9

متعلق جو قانون درست تھے ان میں ساتھ دیا قومی اسمبلی، کمیٹیوں اور سینیٹ میں جمہوریت ہونی چاہیے، پی آر نہ مکمل ہوا ہے تو تفتیش کی اجازت دی جائے، بل کیٹس کی کراچی پر بات کا کریڈٹ وزیر اعظم لے رہے ہیں۔ جمعرات کو یہاں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ اگر وفاقی حکومت اور پی ٹی آئی والے سندھ کے دارالحکومت پر قبضہ کرنا چاہتے ہیں اور ہمیں اپنی کالونی بنانا چاہتی ہے تو یہ غیر آئینی اور غیر قانونی ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ جس این ایف سی پر ہم رونا رو رہے ہیں اس پر بھی ہمارا حق نہیں دیا جارہا ہے، پچھلے سال سندھ کے حصے سے 116 ارب روپے کی کمی پر بات ہوئی تھی اور اس سال 200 ارب سے زیادہ حصہ کم کردیا گیا ہے اور یہ ہر صوبے کے ساتھ مسلسل کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر ہم 18 ویں ترمیم سے پہلے کے این ایف سی ایوارڈ پر چل رہے ہیں تو پھر 18 ویں ترمیم کے بعد صوبوں کو زیادہ کام اور ذمہ داریاں دی گئی ہیں، اس لیے این ایف سی کے حصے میں اضافہ کیا جائے تاکہ صوبے کے عوام کی زندگی میں بہتری لانے کے لیے کام کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ قومی اسمبلی، کمیٹیوں اور سینیٹ میں جمہوریت ہونی چاہیے، اسمبلی سے 5 سے 6 بل منظور ہوئے ہیں جو اراکین کو بات کرنے کا مناسب موقع دیے بغیر زبردستی منظور کیے گئے ہیں۔

شال بقیہ 10

بھارتی مقبوضہ جموں و کشمیر کی ناقابل قبول صورتحال سے توجہ ہٹائی نہیں جاسکتی۔ ترجمان دفتر خارجہ زاہد حفیظ چوہدری کے مطابق بھارتی بارڈر سکیورٹی فورسز نے 8 اگست کی رات کو 17 سالہ بھیرمل کو نگر پارکر میں گولی مار کر شہید کردیا، بھارت کی پاکستان کے خلاف دراندازی کی مذموم پروپیگنڈا مہم کے پس منظر میں زمینی طور پر معذور پاکستانی ہندو نوجوان کو شہید کیا گیا، ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ بھارت کی جانب سے دراندازی کا خودساختہ پراپیگنڈا کیا گیا، ایک ذہنی معذور پاکستانی ہندو نوجوان کو شہید کرکے اس کو دراندازی کا نام دینے نے بھارت کے غلط دعووں کی قلعی کھول دی ہے، بے بنیاد بھارتی پراپیگنڈا کے ذریعہ بھارت کے اندرونی معاملات، بھارتی اقلیتوں سے امتیازی سلوک اور بھارتی مقبوضہ جموں و کشمیر کی ناقابل قبول صورتحال سے توجہ ہٹائی نہیں جاسکتی۔

شال بقیہ 11

افغانستان ایمبیسڈر محمد صادق نے ملاقات میں افغان امن عمل کی موجودہ صورتحال کے حوالے سے وزیر خارجہ کو مفصل بریفنگ دی۔ سیکرٹری خارجہ سہیل محمود بھی اس ملاقات میں شریک تھے، وزیر خارجہ نے کہا کہ بین الافغان مذاکرات کے انعقاد سے افغانستان میں مستقل اور دیرپا قیام امن میں مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان میں قیام امن سے پورے خطے میں امن و استحکام کی راہ ہموار ہوگی، پاکستان، افغان امن عمل سمیت خطے میں امن و استحکام کیلئے اپنا مصالحانہ کردار ادا کرتا رہے گا۔

شال بقیہ 12

پاکستان بلاتفریق یہ ہم سب کا مشترکہ مسئلہ ہے جس کی ترقی، خوشحالی اور تحفظ کے لئے ہم سب کو کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے حصول کا مقصد ایک ایسے معاشرے کا قیام تھا جس میں بلا رنگ و نسل اور تعصب کے تمام شہریوں کو مذہبی، سیاسی، معاشی و سماجی آزادی حاصل ہو۔ آج مملکت پاکستان کو دنیا کا عظیم ملک بنانے کیلئے تجدید عہد کا دن ہے، انہوں نے کہا کہ آج پوری قوم اتحاد اور یگانگت کے ساتھ پاکستان کا ہتر واں جشن آزادی منا رہا ہے ہمیں یہ یاد رکھنا چاہیے کہ پاکستان اس کرہ ارض پر تا قیامت رہنے کیلئے بنا ہے۔

شال بقیہ 13

حادثات کی روک تھام کے لیے اچانک چیکنگ ہائی وے، روڈ ڈیرہ مراد جمالی میں سندھ بلوچستان قومی شاہراہ پر جیکب آباد سے کوئٹہ بسی کی طرف تمام پبلک سروس ٹرانسپورٹ کو روک کر چیک کیا جن ڈرائیوروں نے غیر قانونی طور پر لوگوں کو وہاں کی چھتوں پر بیٹھایا تھا ان کے ڈرائیوروں کو بھاری جرمانے کیے اور وہاں کی چھتوں سے ڈنڈے بھی اتروائے اس موقع پر انسپکٹر غلام یاسین، سب انسپکٹر مرتضیٰ منگی بھی شریک تھے اس موقع پر ایس پی ہائی وے نصیر آباد عبدالعزیز سرپرہ نے لوکل ٹرانسپورٹر کو بلا کر اس آمر کا پابند کیا گیا کہ وہ آئندہ نہ تو وہاں کی چھتوں پر بٹھایا جائے گا اور نہ ہی ڈنڈے لگائے جائیں گے خلاف ورزی کی صورت میں موٹر وہیکل قوانین کی رو سے سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی انہوں نے کہا کہ سندھ بلوچستان نیشنل ہائی وے پر چلنے والی مسافر بسوں اور ویگنوں کی چھتوں پر مسافر بیٹھنے پر مکمل پابندی ہے خلاف ورزی کرنے والے ٹرانسپورٹرز کے خلاف سخت قانونی کاروائی عمل میں لائی جارہی ہے انسانی جانوں سے کسی کو بھی کھیلنے نہیں دیں گے ہمارا مقصد ممکنہ حادثات سے انسانی زندگیوں کو محفوظ بنانا ہے۔

شال بقیہ 14

متاثرہ افراد کے لیے ہر قسم کے انتظامات کو صلی انتظامیہ من و عن عمل درآمد کو یقینی بنا رہی ہے سیلاب متاثرین کے لیے فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا ہے تاکہ انہیں طبی سہولیات کی فراہمی ان کی دہلیز پر ممکن ہو ضلع جھل جھاؤ کے علاقے سیف آباد کوٹ مٹھی میں میڈیکل کیمپ قائم کیا گیا ہے ڈاکٹر اور پیرا میڈیکل اسٹاف مریضوں کا چیک اپ کر کے انہیں مفت ادویات فراہم کررہے ہیں انہوں نے کہا کہ سیلاب سے گندا پانی ٹوکوڑہ روڈ بھی متاثر ہوئی تھی جسے اب مکمل طور پر بحال کردیا گیا ہے جھل مگسی ضلعی انتظامیہ عوام کو سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے تاکہ ان کے مسائل کا ازالہ کیا جاسکے انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کے افسران سیلاب اور بارشوں سے متاثرہ علاقوں کا جائزہ لینے کے لئے بھی ہنگامی بنیادوں پر کام کررہے ہیں تاکہ ہونے والے نقصانات کا جائزہ لیا جاسکے۔

شال بقیہ 15

کی فوڈ سیفٹی ٹیموں نے مضر صحت چائنیز نمک (اجینو موتو) ملے مصالحہ جات کی فروخت اور نان فوڈ گریڈ کلرز کی موجودگی پر پانچ مصالحہ شاپس جبکہ غیر معیاری گھی اور آئل سے تیار کردہ پاپڑ کی فروخت پر ایک ہولسیل ٹریڈرز پر جرمانے عائد کردیے۔ بلوچستان فوڈ اتھارٹی حکام نے نوانڈہ کے علاقے میں قائم ہول سیل ٹریڈرز سے مختلف برانڈز کے مشروبات (Cold Drinks) کے نمونے بھی حاصل کیے جنہیں بعد ازاں لیبارٹری ٹیسٹ کیلئے بھجوا دیا گیا تاکہ ان کے معیار کا تفصیلی جائزہ لیکر جعلی و غیر معیاری مشروبات فروخت کرنے والے مراکز کا تعین کرکے ان کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جاسکے۔

شال بقیہ 16

کے مطابق الیکشن کمیشن آف پاکستان تمام اضلاع میں 16 ستمبر 2020 کو 11 کروڑ 23 لاکھ سے زائد رائے دہندگان پر مشتمل تجدید شدہ انتخابی فہرستوں کی اشاعت کرے گا۔ رائے دہندگان اپنے ووٹ کے اندراج کی تفصیلات 8300 شارٹ میسج سروس پر اپنا شناختی کارڈ نمبر بھیج کر حاصل کرسکیں گے اور اضلاع میں قائم رجسٹریشن افسران اور اسسٹنٹ رجسٹریشن افسران کے دفاتر میں فارم برائے اندراج / منتقلی / درستگی ووٹ بھی جمع کروا سکیں گے۔ الیکشن کمیشن آف پاکستان کی ویب سائٹ www.ecp.gov.pk پر فارم-21 برائے اندراج / منتقلی ووٹ، فارم-22 برائے اعتراض / حذف ووٹ، فارم-23 برائے درستگی کوائف اور تمام دفاتر، جہاں فارم جمع کروانے کی سہولت دی جارہی ہے، کی تفصیلات دستیاب ہونگی۔ الی یکشنز ایکٹ 2017 کے سیکشن 39 کے مطابق ووٹ کا اندراج، منتقلی اور درستگی الیکشن شیڈول جاری ہونے تک ممکن ہے اور الیکشن شیڈول جاری ہونے پر اسے عارضی طور پر روک دیا جاتا ہے۔

شال بقیہ 17

نے سٹنٹنگ سے متاثرہ بچے کا سی ٹی سکین دکھا کر اس مسئلے کو اجاگر کی اور حکومتی ایجنڈے میں بھی اسے سرفہرست رکھا، احساس فریم ورک کے تحت حاملہ خواتین، دودھ پلانے والی ماؤں اور دو سال سے کم عمر کے بچوں میں غذائی کمی کے باعث سٹنٹنگ سے بچاؤ کیلئے احساس نشوونما پروگرام ترتیب دیا گیا ہے۔ پروگرام کے اجراء کے موقعہ پر ڈاکٹر نشتر نے وزیر اعظم کو احساس نشوونما پروگرام کے تحت دی جانے والی سہولیات کے متعلق بریفنگ دی۔ انھوں نے نشوونما ایپ کی تفصیلات بھی بتائیں کہ کس طرح صارف خواتین اور ان کے دو سال سے کم عمر بچوں کی الیکٹرانک رجسٹریشن اور ٹریکنگ کی جائے گی۔ نشوونما پروگرام کی تشکیل میں نوزائیدہ بچوں کے پہلے 1000 دن میں صحت اور غذا کو بہتر بنانے پر توجہ مرکوز کی گئی ہے۔ عورت کے حاملہ ہونے سے لے کر دو سال تک، یعنی پہلے 1000 دن انتہائی اہم ہوتے ہیں۔ ناقص غذا کا سب سے زیادہ نقصان خواتین کو دوران حمل اور بچوں کو ابتدائی بچپن میں ہوتا ہے۔ طویل مدتی ناکافی غذائی اجزاء اور مسلسل انفیکشن سٹنٹنگ کا باعث بن سکتے ہیں۔

شال بقیہ 18

گائنی کی سروسز 24 گھنٹے بلا تعطل جاری رکھنے کا فیصلہ کیا ہے جبکہ سول سنڈیمن اسپتال کوئٹہ میں قائم بلڈ بینک کے اوقات کار بھی 24 گھنٹے کرنے کا اصولی فیصلہ کرلیا گیا ہے امراض زچہ و بچہ سے متعلق سہولیات و مشکلات کا جائزہ لینے کے لیے پارلیمانی سیکرٹری صحت ڈاکٹر رابعہ خان بلیدی کی زیر صدارت شعبہ امراض زچہ و بچہ کے ماہرین و انتظامی سربراہان کا اجلاس سول سیکرٹریٹ ہیلتھ کمیٹی روم میں منعقد ہوا جس میں سیکرٹری صحت بلوچستان دوستین خان جمالدینی، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ سول سنڈیمن اسپتال کوئٹہ ڈاکٹر جاوید اختر، ایم این ایچ کے صوبائی کوآرڈینیٹر ڈاکٹر اسماعیل میروانی، سول سنڈیمن اسپتال کوئٹہ کے شعبہ گائنی کی ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر عائشہ صدیقہ، اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر ریحانہ کمال نے شرکت کی اجلاس میں پارلیمانی سیکرٹری صحت ڈاکٹر رابعہ خان بلیدی کو سول سنڈیمن اسپتال کوئٹہ سمیت دیگر اسپتالوں میں گائنی کی دستیاب سہولیات کی استعداد کار سے متعلق بریفنگ دی گئی اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ سول سنڈیمن اسپتال کوئٹہ کے شعبہ گائنی پر گینیسز کے غیر معمولی دباؤ کو کم کرنے کے لیے دیگر اسپتالوں میں زچہ و بچہ کی جزوی و مخصوص اوقات کار پر جمعہ سروسز کو 24 گھنٹے کردیا جائے گا جبکہ چلڈرن اسپتال میں قائم شعبہ زچہ و بچہ کو بھی مکمل طور پر فعال کردیا جائے گا۔

شال بقیہ 19

کے افتتاح پر طنز کرتے ہوئے کہا ہے کہ عمل کرتے کرتے تین گنا زیادہ لاگت اور وقت لگنے سے بننے والا منصوبہ "شفاف" جبکہ کم ترین لاگت اور مدت میں مکمل ہونے والی پاکستان کی تاریخ میں پہلی لاہور میٹرو نے نیب نیازی کو کئی راتیں جگائے رکھا۔ ٹوئٹر پر اپنے بیان میں شہباز نے کہا کہ بدترین کرپشن نالائقی سے نہ صرف عوام کا پیسہ بلکہ پشاور کی عوام کا قیمتی وقت بھی ضائع ہوا۔

شال بقیہ 20

جمعرات کو مستونگ بازار میں کوئٹہ روڈ پر واقعہ پائلٹ اسکول کے قریب کریکر بم پھٹنے سے پانچ افراد غلام رسول، شاہد علی، حافظ حمید، نصیب اللہ، پی (ن) زخمی ہوگئے جنہیں فوری طور پر ہسپتال منتقل کردیا گیا دھماکے کے بعد سیکورٹی فورسز کی بھاری نفری جائے وقوعہ پر پہنچ گئی اور شواہد اکٹھے کرلئے پولیس حکام کے مطابق دھماکہ کریکر بم کے ذریعے کیا گیا جو ٹھیلے کے قریب رکھا گیا تھا مزید کاروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 21

کی تکمیل ہے۔ ٹوئٹر پر اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ جدید سہولتوں کا حامل یہ منصوبہ وزیر اعظم عمران خان کی جانب سے پشاور کے عوام کے لیے تحفہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ انہوں نے اپنی جدوجہد اور محنت سے ہمیشہ اپنے ناقدین کو غلط ثابت کیا۔

شال بقیہ 22

سائیکل پر ڈبل سواری پر پابندی عائد کردی۔ محکمہ داخلہ و قبائلی امور بلوچستان کے جانب سے جاری کردہ ایک اعلامیہ کے مطابق 14 اگست اور محرم الحرام 2020ء کے دوران سیکورٹی صورتحال کے تناظر میں صوبے بھر میں فوری طور پر موٹر سائیکل کی ڈبل سواری پر پابندی عائد کردی گئی ہے، یہ پابندی 20 یوم تک نافذ العمل رہے گی۔

شال بقیہ 23

ستونوں کو موثر پالیسی اور ٹارگٹڈ اصلاحات کے ذریعے پائیدار ترقی کی راہ پر ڈالا جائیگا۔ انہوں نے کہا کہ مالی سال دو ہزار بیس میں ترسیلات زر 4.6 فیصد اضافے کے ساتھ 1.23 ارب ڈالر جبکہ مالی سال دو ہزار انیس میں 7.21 ارب ڈالر کی تھیں، اعلامیہ کے مطابق مالی سال دو ہزار بیس میں غیر ملکی سرمایہ میں 88 فیصد اضافے کے ساتھ 6.2 ارب ڈالر رہی جبکہ مالی سال دو ہزار انیس میں یہ 4.1 ارب ڈالر تھی، اعلامیہ کے مطابق مالی سال دو ہزار بیس میں بجٹ خسارہ کم کر کے جی ڈی پی کے 1.8 کیا گیا جبکہ مالی سال دو ہزار انیس میں یہ 1.9 فیصد تھا، ملک میں زراعت کی بحالی کیلئے 227 ارب روپے کی لاگت سے 13 منصوبوں کو شروع کیا گیا، غریبوں کیلئے یوٹیلٹی اسٹورز پر اشیاء ضروریہ پر سبسڈی کیلئے 31 ارب روپے جاری کیے، اعلامیہ میں کہا گیا کہ کورونا وائرس سے بچاؤ کیلئے 1240 ارب روپے کا پیکیج دیا گیا۔

شال بقیہ 24

جائے وقوعہ کو گھیرے میں شواہد اکٹھے کرلئے اور مزید مان تلاش شروع کردی۔

شال بقیہ 25

ہوئی ہے جس کو ہی پیک کی ترقی میں مرکزی حیثیت حاصل ہے، گوادر انفراسٹرکچر میں پاک چین ہسپتال اور تکنیکی و پیشہ ورانہ تربیت کے مرکز کا سنگ بنیاد شامل ہے، ٹورڈیم سے گوادر شہر کو 5 ایم جی ڈی پانی کی فراہمی کے منصوبے کا فیز 1 مکمل ہوگیا ہے، صنعتی تعاون کے تحت، فیصل آباد میں پہلے سی پیک اسپیشل اکنامک زون کا سنگ بنیاد جنوری میں رکھا گیا تھا، ڈھابیجی، سندھ اور رشکئی خیبر پختونخوا کے خصوصی معاشی زون کے قیام کے سلسلے میں نمایاں پیشرفت ہوئی ہے۔

شال بقیہ 26

کہ 13 اگست 2018ء کو وجود میں آنے والی گیارہویں اسمبلی نے اپنا دوسرا پارلیمانی سال مکمل کرلیا ہے اس سال کے دوران بلوچستان صوبائی اسمبلی کے 67 دن مکمل ہوگئے ہیں اگرچہ آئینی طور پر کسی بھی صوبائی اسمبلی کیلئے پارلیمانی سال کے دوران 100 دن مقرر ہیں لیکن کورونا وائرس کی وباء کی وجہ سے یہ دن پورے نہیں ہوسکے، انہوں نے کہا کہ دوسرے پارلیمانی سال کے دوران اسمبلی نے سالانہ میزانیہ برائے سال 2020-21 اور ضمنی میزانیہ بابت مالی سال 2019-20 کی منظوری دی اگست 2019 تا 12 اگست 2020ء کے دوران کل 9 اجلاس منعقد ہوئے جس میں سرکاری و غیر سرکاری کارروائی نمٹائی گئی قانون سازی جو کہ اسمبلی کی بنیادی اور آئینی ذمہ داری ہے اس لحاظ سے اسمبلی کو سال 2019-20 کے دوران مختلف نوعیت کے کل 10 مسودات قانون موصول ہوئے جن میں سے 8 مسودات قانون پاس ہوئے جبکہ 02 بلز زیر التواء ہیں، انہوں نے کہا کہ اجتماعی مفاد عامہ میں قراردادیں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہیں، پارلیمانی سال میں کل 8 سرکاری جبکہ 20 غیر سرکاری قراردادیں اسمبلی سے پاس ہوئیں۔

شال بقیہ 27

نیشنل جرنلسٹ یونین رانا عمران لطیف اور جاوید شیزاد سمیت راولپنڈی اسلام آباد کے صحافیوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر مقررین نے کہا کہ ہم عاصم باجی کے ساتھ ہیں کسی قسم کے مافیا کے سامنے نہیں جھکیں گے۔ نیشنل جرنلسٹ یونین کے مرکزی رہنما تنویر اعوان نے کہا کہ ایک بدتہذیب اور بدتمیز شخص نے افسر کے ساتھ بدتمیزی کا مظاہرہ کیا اور جو رویہ استعمال کیا بعد میں اس شخص نے اس بحث باطل کا سوشل میڈیا پر کہا کہ پاکستان میں مودی کی پالیسی چل رہی ہے۔ پاکستان کے ساتھ وفادار کشمیریوں کے نام کو خراب کیا اور ریاست کی سالمیت کے لئے یہ بات خوفناک ہے۔ اپنے کشمیری ہونے کے نام پر ایک اشتہار کی خاطر ملک کی سلامتی کو خطرے میں ڈال دیا۔ اس شخص نے ذہنی طور پر جس احمقانہ حرکت کا مظاہرہ کیا اور اس کو پریس کلب میں علاقائی تنظیموں کے نام پر دونوں کو حاصل کرکے بائی چیک کیا جعلی صحافی بھرتی کرنے والے نے پریس کلب پر قبضہ کررکھا ہے اس واقعے کو الیکشن سٹنٹ بتایا اور وزارت اطلاعات و نشریات کی ٹیم پر الزام لگا دیا۔ وزارت اطلاعات و نشریات میں یہ پہلی ٹیم ہے جس میں عاصم باجی سے لے کر شبلی فراز تک کسی پر الزام نہیں لگایا جا سکتا۔ ایسی ایماندار ٹیم پر گھٹیا نے الزام لگاتے ہیں۔ ہمارے پاس دو بندے افضل بٹ، عامر محبوب اور اعجاز عباسی کے نام پر آکر بیٹھے اور کہا کہ نہیں ہم احتجاج کریں گے اب احتجاج کو برداشت کریں اب چھیڑیں نہ چھیڑیں۔

شال بقیہ 28

بہت قربانیاں دی ہیں۔ آزادی ایک نعمت ہے اور اللہ کا شکر ہے کہ ہم سب اس نعمت سے فوائد حاصل کررہے ہیں، شہیدوں کا لہو ہرگز رائیگاں نہیں جائے گا، قیام پاکستان کے لئے مسلمانوں نے جانوں کے نذرانے اسلام کی خاطر دیئے ہیں۔ قائداعظم محمد علی جناح اور علامہ اقبال کے افکار اور تعلیمات پر عمل کرنا وقت کا تقاضہ ہے۔

شال بقیہ 29

ہوئے اب زلزلے آنے کے بعد وہاں کے لوگ بے گھر ہوگئے ہیں اور کھلے آسمان تلے زندگی گزار رہے ہیں۔

شال بقیہ 30

ویز اور موٹر ویز پولیس ہیڈ کوارٹر میں افسران میں کارکردگی ایوارڈ کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہم موٹر ویز کی دو سالہ کارکردگی قوم کے سامنے رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے دو سال میں اس محکمہ کیلئے کیا کیا بتانا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ موٹر ویز پولیس نے نئے موٹر ویز پر ذمہ داریوں سے بڑھ کر کام کیا۔ انہوں نے کہا کہ ڈرائیونگ لائسنس اتھارٹی کے قیام پر جلد کام شروع ہوگا، پاکستان میں ایسا نظام ہے اشارے پر بھی ہاتھ کے اشارے سے ٹریفک روکنی پڑتی ہے۔

شال بقیہ 31

سال بھی محرم الحرام میں سیکورٹی پولیس اور انتظامیہ کی طرف سے اقدامات کو سراہا گیا کیس ڈپارٹمنٹ اور واپڈا حکام نے انتظامات بارے میں اپنے اپنے محکموں کے بارے میں بریفنگ دی مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر عبدالرحیم کاکڑ نے پچھلے سال کی طرح اس سال بھی محرم الحرام کے سیکورٹی کے حوالے سے انتظامات پر حکومتی احکامات پر مطمئن کا اظہار کیا اور پچھلے سال کی طرح اس دفعہ بھی محرم الحرام مکمل تعاون کریں گے اور دوکانات سات، نو اور دس محرم کو بھی دوکانات سیل کریں گے جس میں پولیس اور ایف سی کے ساتھ مل کر دوکانات چیک کرکے سیلنگ کا مرحلہ مکمل کریں گے۔

شال بقیہ 32

ہے کہ پائپ لائن کی مرمت جمعرات کی شب یہ جمعہ کی صبح تک مکمل کرلی جائے گی جس کے بعد پائپ لائن سے گیس کی فراہمی بحال کردی جائے گی دوسری جانب جمعرات کو بھی کوئٹہ کے متعدد علاقوں سمیت قلات، مستونگ، زیارت، پشین کو گیس کی فراہمی معطل رہی۔

شال بقیہ 33

کے ساتھ منائیں اور رب کریم ک

کشمیری عوام گزشتہ 73 سال سے اپنے حصے کی جنگ لڑ رہے ہیں، نصیب اللہ مری

قوم کی جدوجہد اور قربانیوں کی بدولت ہمیں آج کے دن پاکستان ایک آزاد اور خودمختار ریاست کی صورت میں حاصل ہوا ہے

انشاءاللہ جلد بھارت کی بربریت سے نجات مل جائیگی قوم آج کے دن کو بھرپور جوش وجزبے کے ساتھ منائیں' قوم کو یوم آزادی مبارک

نصیر آباد: ڈپٹی کمشنر حافظ محمد قاسم کاکڑ کی نگرانی میں فلیگ مارچ کیا جارہا ہے

کوہلو (خ ن) ممبر صوبائی اسمبلی میر نصیب اللہ مری نے یوم آزادی پر قوم کو مبارک باد پیش کی ہے اپنے پیغام میں رکن صوبائی اسمبلی میر نصیب اللہ مری نے کہا ہے کہ آج پوری قوم قیام پاکستان کی سالگرہ کے موقع پر جشن آزادی منا رہے ہیں قوم کی جدوجہد اور قربانیوں کی بدولت ہمیں آج کے دن پاکستان ایک آزاد اور خودمختار ریاست کی صورت میں حاصل ہوا ہے اس مقصد کیلئے ہمارے بزرگوں نے جدوجہد کی ہے جس کی وجہ سے آج ہم آزاد فضاء میں سانس لے رہے ہیں رکن صوبائی اسمبلی نے کشمیری عوام کے جدوجہد کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ کشمیری عوام گزشتہ 73 سالوں سے اپنے حصے کی جنگ لڑ رہے ہیں اپنے علاقے میں بھارت کے غاصبانہ قبضہ کے خلاف طویل جدوجہد کی ہے انہیں انشاءاللہ جلد بھارت کی بربریت سے نجات مل جائیگی قوم آج کے دن کو بھرپور جوش وجزبے

بقیہ نمبر33 صفحہ 3 پر

میرا اپنے ماموں اور نگزیب اور محمد قاسم کے ساتھ جائیداد کا مسئلہ چل رہا ہے' ملک نجیب خان بازئی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے رہائشی ملک نجیب خان بازئی نے کہا ہے کہ میرا اپنے ماموں اور نگزیب اور محمد قاسم کے ساتھ جائیداد کا مسئلہ چل رہا ہے وہ میری والدہ کی وراثت ٹرانسفر کرنے میں لوگوں

بقیہ نمبر44 صفحہ 3 پر

چودہ اگست کا دن ہمارے لیئے بہت اہمیت کا حامل ہے' سید جاوید اقبال غرشین

حصول پاکستان کیلئے کس قدر جدوجہد محنت قربانیاں دی گئی ساری دنیا جانتی ہے

ہمیں آزادی کی قدر کرکے ایک قوم بننا ہوگا ہماری پہچان پاکستان ہے، ایس ایس پی مچھی

بولان (این این آئی) ایس ایس پی مچھی سید جاوید اقبال غرشین نے کہا ہے چودہ اگست کا دن ہمارے لیئے بہت اہمیت کا حامل ہے مملکت خداداد ارض پاک کیلئے لاکھوں مسلمانوں نے اپنی جانوں کا نظرانہ پیش کرکے پاکستان کو رہتی دنیا تک دنیا کے نقشے میں شامل کروایا جس میں بابائے قوم قائداعظم محمد علی جناح اور برصغیر کے عظیم سپوتوں کی لازوال محنت انتھک جدوجہد شامل رہی جسکی وجہ سے ہمارا پیارا ملک دنیا کے نقشے پر آج ایک ناقابل تسخیر قوت کے طور پر ابھرا ہے جس پر نہ صرف پاکستانی قوم

بقیہ نمبر45 صفحہ 3 پر

محرم کے جلوس سیکیورٹی پلان کے پیش نظر حفاظتی تدابیر عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے گا' عثمان علی خان

محرم الحرام کے جلوس کے راستوں میں آنے والے علاقوں کی مکمل صفائی ستھرائی کروائی جائے گی

امن وامان کے تناظر میں دہشت گردی اور کسی بھی قسم کے ناخوشگوار واقعہ سے نمٹنے کے لیے فول پروف سیکورٹی مہیا کی جائے گی، کمشنر کوئٹہ ڈویژن

کوئٹہ (این این آئی) کمشنر کوئٹہ ڈویژن عثمان علی خان کی زیر صدارت کوئٹہ میں محرم الحرام کے جلوس و مجالس کے سلسلے میں کیے گئے انتظامات اور امن وامان کی صورتحال کے پیش نظر اٹھائے گئے اقدامات کے حوالے سے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں کرنل منصور، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ میجر (ر) اورنگزیب بادینی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ثاقب خان کاکڑ، لیفٹیننٹ کرنل زاہد، لیفٹیننٹ کرنل محمد حارث، اسسٹنٹ کمشنر (صدر) ظہیر البلوچ، صدر

بقیہ نمبر35 صفحہ 3 پر

صوبائی مواصلات وتعمیرات میر عارف محمد حسنی اپنے دفتر میں لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

خضدار جی ٹی اے کے رہنماؤں کا ڈویژنل ڈائریکٹر ایجوکیشن سے ملاقات

اساتذہ کرام کے مسائل اور انکی فوری حل کی کوشش پر تبادلہ خیال

خضدار (نامہ نگار) خضدار جی ٹی اے کے رہنماؤں کا ڈویژنل ڈائریکٹر ایجوکیشن سے ملاقات اساتذہ کرام کے مسائل اور انکی فوری حل کی کوشش پر تبادلہ خیال۔ گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن خضدار ڈویژن کے صدر میر شہباز خان قلندرانی، جنرل سیکرٹری حاجی محمد رمضان لہرانی، انفارمیشن سیکرٹری عبدالکریم مینگل، اسپورٹس سیکرٹری مظفر علی بلوچ، ضلعی وائس چیئرمین ناصر کمال بلوچ، تحصیل صدر سراج احمد لہڑی، عبدالحکیم گزگی، سلطان احمد مینگل نے ملاقات کرکے ضلع اور ڈویژن کے اساتذہ کرام کے جائز حل طلب مسائل کو فوری کمپلیٹ کرکے پراسس کی جائے۔ تاکہ ان کے

بقیہ نمبر53 صفحہ 3 پر

ہمارے آباؤ اجداد نے اس ملک کو حاصل کرنے کیلئے عظیم قربانیاں دی ہیں' اجمل خان بازئی

میری پوری قوم سے اپیل ہے کہ 14 اگست کو شایاں شان طریقے سے منائیں

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام کے صوبائی رہنما سینیٹر اجمل خان بازئی نے کہا کہ 14 اگست ایک عظیم دن ہے برصغیر کے مسلمانوں نے عظیم قربانیوں کے بعد پاکستان بنایا جس کے ہم دن رات اپنے ملک کی خدمت کرکے اس کو مزید پر مستحکم کریں انہوں نے کہا کہ ہمارے عظیم لیڈر قائداعظم کی کاوشوں کی بدولت یہ ملک وجود میں آیا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے آباؤ اجداد نے اس ملک کو حاصل کرنے کیلئے عظیم قربانیاں دی ہیں اور قربانیوں کے بعد یہ ملک وجود میں آیا ہم اپنے عظیم رہنماؤں کے نقش قدم پر چلتے ہوئے اس ملک کو مزید مستحکم کرنے کیلئے کلیدی کردار ادا کریں۔ انہوں نے اس عظیم دن میں ہمیں اللہ تعالیٰ

بقیہ نمبر54 صفحہ 3 پر

کمشنر کوئٹہ ڈویژن عثمان علی خان محرم الحرام کی سیکورٹی ودیگر انتظامات کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

بلوچستان میں دہشت گردی کے خلاف ہم سب کو یکجا اور متحد ہونا پڑے گا، میر شفیق الرحمن مینگل

یوم آزادی قریب آتے ہی ملک دشمن عناصر اپنے بلوں سے باہر آکر عوام کو خوفزدہ کرنے کی ناکام کوشش کررہے ہیں

خضدار (این این آئی) جمالدان عوامی موشنل کے سربراہ میر شفیق الرحمن مینگل نے مستونگ اور تربت میں بم دھماکوں کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان میں دہشت گردی کے خلاف ہم سب کو یکجا اور متحد ہونا پڑے گا۔ یوم آزادی قریب آتے ہی ملک دشمن عناصر اپنے

بقیہ نمبر60 صفحہ 3 پر

ضلع واشک کی تحصیل بسیمہ میں زلزلے کے جھٹکے متعدد مکانات کا نقصان

کوئٹہ (این این آئی) ضلع واشک کی تحصیل بسیمہ میں زلزلے کے جھٹکے متعدد مکانات کا نقصان، پی ڈی ایم اے حکام کے مطابق بدھ اور جمعرات کی درمیانی شب ضلع واشک

بقیہ نمبر59 صفحہ 3 پر

بلوچستان ہائیکورٹ کی دودھ فی لیٹر 100 روپے فروخت کرنیکی ہدایت

دودھ دہی کی نئی قیمتوں سے متعلق سیکرٹری انڈسٹریز 10 دن کے اندر اندر اپنی رپورٹ عدالت میں جمع کرائیں

جب تک سرکاری سطح پر نیا نرخنامہ جاری نہیں کیا جاتا 27 مارچ 2020 کے نرخنامے پر عمل کیا جائے' چیف جسٹس جمال خان مندوخیل

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان ہائیکورٹ نے ہدایت کی ہے کہ جب تک سیکرٹری انڈسٹریز کی جانب سے دودھ کی قیمتوں کا تعین نہیں ہوتا ڈیری فارمرایسوسی ایشن اور ملک شیلز مالکان دودھ 27 مارچ 2020 کے نرخنامے کے مطابق فروخت کریں۔ دودھ دہی کی قیمتوں کا تعین کرنا انتظامیہ کا کام ہے عدالت کا نہیں، میڈیا اور سول سوسائٹی کے ذریعے بائیکاٹ کی مہم چلائی جائے تو خود بخود قیمت نیچے آجائے گی۔ دودھ دہی کی نئی

بقیہ نمبر37 صفحہ 3 پر

ایڈیشنل سیکرٹری انڈسٹریز ڈاکٹر عتیق الرحمن شاہوانی ادارہ ثقافت کے زیر اہتمام یوم آزادی کی مناسبت سے صحت مند نمائش و پوسٹر سازی میں پوزیشن لینے والے آرٹسٹوں میں سرٹیفکیٹ تقسیم کررہے ہیں

بزدلانہ حملوں سے بلوچستان کی عوام کا جوش وجذبہ ختم نہیں کیا جاسکتا، بابر یوسفزئی

چند لوگوں کی خاطر دشمن کے اشاروں پر چلنے والوں کو جلد نشان عبرت بنایا جائے گا، پی ٹی آئی بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے رہنما بابر یوسفزئی نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ بزدلانہ حملوں سے بلوچستان کی عوام کا جوش وجذبہ ختم نہیں کیا جاسکتا، چند لوگوں کی خاطر دشمن کے اشاروں پر چلنے والوں کو جلد نشان عبرت بنایا جائے گا بزدل دشمن اپنی شکست دیکھ کر اب بے گناہ شہریوں پر اتر آیا ہے گزشتہ روز بروری روڈ، مستونگ اور تربت میں نہتے شہریوں کو نشانہ بنایا گیا، بروری روڈ والے واقعے میں بچے کی شہادت دشمن کے منہ پر لعنت کے مترادف ہے بزدل دشمن چھپ کر

بقیہ نمبر38 صفحہ 3 پر

پاکستان سمیت پورے برصغیر کی آزادی اور ہمارے اکابرین کی مرہون منت ہے، مولانا غلام قادر قاسمی

جمعیت نے ہمیشہ پاکستان کی سالمیت کی جدوجہد کی ہے جب تک جمعیت کا ایک کارکن باقی رہیگا

لسبیلہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام پاکستان کے مرکزی نائب امیر ولسبیلہ کے امیر مولانا غلام قادر قاسمی، ضلع لسبیلہ کے سیکرٹری جنرل مولانا یعقوب ساسولی، ضلعی نائب امیر مفتی محمد نعیم، مولانا عبدالحمید عارف، مولانا عمر عادل، محبوب علی روفجھو، ضلعی ڈپٹی جنرل سیکرٹری شاہ محمد صدیقی، مولانا عبدالحلیم گنگو، مولانا امیر بخش گنگو، ضلعی سرپرست مفتی کفایت اللہ، محمد ابراہیم، حاجی محمد

بقیہ نمبر39 صفحہ 3 پر

وطن عزیز کو حاصل کرنے کیلئے ہمارے بزرگوں نے بیشمار قربانیاں دیں' سید ثناء اللہ آغا

ہم سب کو پاکستان کے قومی دن پر عہد کرنا ہوگا کہ ہم ملک کی سالمیت، خوشحالی اور ترقی کیلئے جدوجہد کریں

کوئٹہ (این این آئی) تحریک جوانان پاکستان کے زیر اہتمام سید ثناء اللہ آغا کی قیادت میں جمعرات کو جشن آزادی کے سلسلے میں ایک ریلی مالی باغ سے نکالی گئی جو میکانگی روڈ، لیاقت بازار، پرنس روڈ، جناح روڈ سے ہوتی ہوئی پریس کلب پہنچ کر جلسے کی شکل اختیار کرگئی ریلی کے شرکاء نے ہاتھوں میں پاکستانی اور کشمیر کے پرچم اٹھا رکھے تھے۔ ریلی کے شرکاء سے تحریک جوانان پاکستان کے سیکرٹری برائے قبائلی امور بلوچستان سید ثناء اللہ آغا میر غفار بادینی،

بقیہ نمبر42 صفحہ 3 پر

کوہلو میں سیلاب متاثرین تک امدادی سامان نہیں پہنچ سکا

کوہلو (این این آئی) ضلع کوہلو حال ہی میں ہونے والے بارشوں سے شدید متاثر ہوا ہے بارشوں اور سیلابی ریلوں سے ضلع کے نواحی علاقوں تھوہ، ماوند، کنل، منجھر اسمیت مختلف علاقوں میں لوگ شدید متاثر ہوئے ہیں جبکہ کئی علاقوں میں شدید بارشوں سے کئی کچے مکانات منہدم ہوئے

بقیہ نمبر43 صفحہ 3 پر

شہر میں سیکورٹی خدشات کے پیش نظر پولیس اور لیویز کے ہمراہ تجاوزات کے خلاف آپریشن شروع

خلاف ورزی کرنے کی صورت میں سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائیگی اسسٹنٹ کمشنر چمن

چمن (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر چمن ذکاء اللہ درانی کی سربراہی میں شہر میں سیکورٹی خدشات کے پیش نظر پولیس اور لیویز کے ہمراہ تجاوزات کے خلاف آپریشن شروع کردیا گیا ہے۔ شہر کے مختلف علاقوں میں کارروائی کرتے ہوئے غلط پارک کئے گئے متعدد موٹر سائیکلوں اور سائیکلیں

بقیہ نمبر47 صفحہ 3 پر

قیام پاکستان بلاشبہ ایک زندہ معجزہ ہے جو نظریاتی مملکت ہے، ملک عارف

وطن عزیز پاکستان بیش بہا قربانیوں کے بعد حاصل کیا گیا تھا ہمیں چاہئے کہ اس کی قدر کریں

کوئٹہ (این این آئی) پاکستانی کارکنان بلوچستان کے زیر اہتمام ملک عارف کی قیادت میں جشن آزادی کے سلسلے میں کوئٹہ میٹرو پولیٹن کارپوریشن کے سبزہ زار سے ایک ریلی نکالی گئی جو لیاقت پارک، عدالت روڈ سے ہوتی پریس کلب پہنچی جہاں ریلی کے شرکاء سے خطاب

بقیہ نمبر49 صفحہ 3 پر

کوئٹہ مرکزی ترجمان جے یو آئی حافظ حسین احمد ان کی والدہ ماجدہ کی وفات پر سید عبدالصمد آغا کو تعزیت کررہے ہیں

اوپن یونیورسٹی سرسبز پاکستان مہم میں ملک گیر سطح پر حصہ لے گی' ڈاکٹر ضیاء القیوم

2۔ سال کی مختصر مدت میں 350۔ نئی آسامیاں پیدا کیں' 201۔ عارضی ملازمین کو مستقل کیا

اسلام آباد (پ ر) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ضیاء القیوم نے گذشتہ روز یونیورسٹی کے مین کیمپس میں پودا لگا کر یونیورسٹی کی جانب سے "سرسبز اور آلودگی سے پاک پاکستان" کی حکومتی مہم میں بھرپور انداز میں شمولیت کا آغاز کردیا ہے۔ اس موقع پر اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ یونیورسٹی اس قومی مہم میں ملک گیر سطح پر حصہ لے گی۔ انہوں نے ملک بھر میں یونیورسٹی کے 53۔ علاقائی دفاتر کو "سرسبز پاکستان مہم" کی کامیابی کے لئے طلبہ وطالبات

بقیہ نمبر52 صفحہ 3 پر

اس سال بھی نصیر آباد میں جشن آزادی شایان شان طریقے سے منایا جارہا ہے' حافظ محمد قاسم کاکڑ

سیکورٹی سمیت دیگر انتظامات مکمل کرلیے گئے ہیں بازاروں میں عوام کی جانب سے جشن آزادی کے موقع پر چراغاں کیا گیا ہے

نصیر آباد (خ ن) جشن آزادی کی تیاریوں کے موقع پر ڈپٹی کمشنر نصیر آباد حافظ محمد قاسم کاکڑ کی نگرانی میں شہر بھر میں فلیگ مارچ کیا گیا اس موقع پر جشن آزادی کے حوالے سے نکلنے والی مختلف جماعتوں وتنظیموں کی ریلیوں کے روٹس کا جائزہ بھی لیا گیا فلیگ مارچ میں ایس پی نصیر آباد عبدالحی مہر بلوچ ایف سی کے کرنل راجہ شکیل ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جمیل احمد اسسٹنٹ کمشنر ذعلی محمد خان بابی

بقیہ نمبر55 صفحہ 3 پر

جماعت اسلامی پاکستان کے امیر سینیٹر سراج الحق اور دیگر رہنماؤں کی حافظ حسین احمد سے والدہ کی وفات پر تعزیت کی

کوئٹہ لاہور (این این آئی) جماعت اسلامی پاکستان کے امیر سینیٹر سراج الحق اور دیگر رہنماؤں کی حافظ حسین احمد سے والدہ کی وفات پر تعزیت کی۔ جماعت اسلامی پاکستان کے امیر سینیٹر سراج الحق، قیم جماعت اسلامی امیر العظیم، حافظ محمد ادریس، محمد اسلم سلیمی نے جمعیت علماء اسلام کے مرکزی ترجمان وسابق سینیٹر حافظ حسین احمد سے والدہ کی وفات پر تعزیت کا اظہار کیا اور اپنے تعزیتی خطوط بھیجے، جماعت اسلامی کے رہنماؤں نے حافظ حسین احمد کی والدہ کے درجات کی بلندی اور اہل خانہ کے صبر وجمیل کے لیے دعائیں کیں۔

ضلع واشک کے تحصیل بسیمہ میں زلزلہ سے نقصانات زیادہ ہوا ہے' میر نظر ملنگوئی

بالکیل (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی بالکیل کے سینئر رہنماء میر نظر ملنگوئی نے اپنے ایک جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ ضلع واشک کے تحصیل بسیمہ میں زلزلہ سے نقصانات زیادہ ہوا ہے اور اس وقت کھلے آسمان تلے بیٹھے ہیں۔

محکمہ داخلہ وقبائلی امور بلوچستان کے جانب سے جاری کردہ ایک اعلامیہ

کوئٹہ (خ ن) محکمہ داخلہ وقبائلی امور بلوچستان کے جانب سے جاری کردہ ایک اعلامیہ کے مطابق 14 اگست اور محرم الحرام 2020ء کے دوران سیکیورٹی صورتحال کے تناظر میں صوبے بھر میں فوری طور پر موٹر سائیکل کی ڈبل سواری

بقیہ نمبر48 صفحہ 3 پر

14 اگست کی برصغیر پاک وہند کے مسلمانوں کی تاریخ میں بہت بڑی اہمیت ہے' بابا غلام رسول خان عمرانی

آزادی ایک بہت بڑی نعمت ہے جو قدرت کی جانب سے پاکستان کے کروڑوں انسانوں کو نصیب ہوئی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی کے سیاسی وسماجی شخصیت سردار زادہ بابا غلام رسول خان عمرانی کی قیادت میں 14 اگست جشن آزادی کے حوالے سے ایک بہت بڑی شاندار ریلی عمرانی ہاؤس سے نکالی گئی ریلی کے شرکاء نے ہاتھوں میں سبز ہلالی پرچم اور سبز ہلالی جھنڈے تھے فضاء ملی نغموں اور پاکستان زندہ باد کے فلک شگاف نعروں سے گونج اٹھا ریلی کے شرکاء ڈی سی چوک، اللہ ہو چوک سے ہوتی

ہم پرامن لوگ ہیں اور پرامن طریقے سے اپنے روزگار ودیگر امور نمٹا رہے ہیں

ہمیں ان لینڈ مافیا کے کارندوں نے شدید ذہنی پریشانی سے دوچار کردیا ہے، میر سعد اللہ خان رئیسانی

خضدار (این این آئی) تحصیل وڈھ کے علاقہ وہیر سے تعلق رکھنے والے رئیسانی قبیلہ کے معتبرین میر سعد اللہ خان رئیسانی، میر ہدایت اللہ رئیسانی، میر محمد آصف رئیسانی، میر ثناء اللہ رئیسانی ودیگر نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ گزشتہ روز مخالف فریق نے وڈھ پریس کلب میں اپنی پریس کانفرنس میں داد کریم پر جو الزامات لگائے تھے وہ جھوٹ اور حقیقت کے برعکس

بقیہ نمبر61 صفحہ 3 پر

ہم حکومت کے تعلیم دشمن اقدامات کی مذمت کرتے ہیں' ڈاکٹر حضور بخش زہری

شہید سکندر یونیورسٹی خضدار کا قیام نواب ثناء اللہ زہری کے تعلیم دوست اقدامات میں سے ایک بنیادی قدم ہے

خضدار (این این آئی) مسلم لیگ (ن) خضدار کے سینئر رہنماء ڈاکٹر حضور بخش زہری نے کہا ہے کہ شہید سکندر یونیورسٹی خضدار کا قیام نواب ثناء اللہ زہری کے تعلیم دوست اقدامات میں سے ایک بنیادی قدم ہے موجودہ حکومت یونیورسٹی کے قیام کو جلد ممکن بنانے کے بجائے پراجیکٹ ڈائریکٹر کو عہدے سے ہٹا کر شہید سکندر یونیورسٹی کی تکمیل میں رکاوٹ ڈال رہی ہے، ہم حکومت کے تعلیم دشمن اقدامات کی مذمت کرتے ہیں۔

تاریخی مسجد میں شوٹنگ اور رقص ریاست مدینہ کی دعویداروں کی منہ پر طمانچہ ہے، سید حاجی عبدالستار چشتی

مساجد میں نماز اور عبادت اور تلاوت قرآن مجید ہوتی ہیں غسلوں اور قلوں رقص وغیرہ سے مساجد کا تقدس پامال ہوتا ہے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار چشتی صوبائی امیر خیبر پختونخوا قاضی گل الرحمن نگیوال مرکزی معاون کوئٹہ قاری محمد اکمل ضلعی سیکرٹری اطلاعات مولوی رحمت اللہ حقانی ودیگر نے کہا کہ تاریخی مسجد میں شوٹنگ اور رقص ریاست مدینہ کی دعویداروں کی منہ پر طمانچہ ہے مساجد میں نماز اور عبادت اور تلاوت قرآن مجید ہوتی ہیں۔

وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سے رکن قومی اسمبلی احسان ریکی اور سابق صوبائی وزیر مجیب الرحمن محمد حسنی ملاقات کررہے ہیں

گوادر شہر میں جشن آزادی کی تیاریاں زور وشور سے جاری ہیں

گلی بازاروں میں قومی پرچم اور بیجز بھی، مارکیٹ میں آگئے ہیں

گوادر (خ ن) گوادر شہر میں جشن آزادی کی تیاریاں زور وشور سے جاری ہیں۔ ضلعی انتظامیہ، میونسپل کمیٹی، سول سوسائٹی کی جانب سے گوادر شہر کو رنگ برنگی جھنڈیوں، برقی قمقموں کے ساتھ دلہن کی طرح سجایا گیا ہے گوادر میں قومی پرچموں کی بہار آگئی، گاڑیوں، موٹر سائیکلوں، سائیکلوں، دکانوں، تعلیمی اداروں، سرکاری دفاتر اور گھروں کی چھتوں پر شہریوں نے قومی پرچم آویزاں کرنا شروع

بقیہ نمبر40 صفحہ 3 پر

لیویز فورس کی کارروائی قتل کے مقدمے میں مطلوب پانچ ملزمان گرفتار

ژوب (این این آئی) لیویز فورس کی کارروائی قتل کے مقدمے میں مطلوب پانچ ملزمان گرفتار کرلئے لیویز ذرائع کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر محمد عارف کاکڑ کی سربراہی میں ایس ایچ او مرغہ کبزئی عبدالرحمان مندوخیل نے لیویز فورس کی بھاری

بقیہ نمبر41 صفحہ 3 پر

مولانا عبداللہ ترابی حاجی حیات اللہ کاکڑ اور دیگر 15 اگست کو کاکڑ خراسان کا دورہ کرینگے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے سیکرٹری اطلاعات حاجی سید عبدالستار شاہ چشتی کیا علامیہ کے مطابق جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے کنوینر وصوبائی امیر مولانا عبدالقادر ترابی حاجی حیات اللہ کاکڑ اور دیگر 15 اگست کو کاکڑ خراسان کا دورہ کرینگے اور عظیم الشان جلسہ کے علاوہ قبائلی عمائدین اور دیگر پروگرامات سے خطاب کرینگے۔

جنرل سیکرٹری بی اے پی میر محمد اسلم خان مگسی کا گندا واٹر سپلائی کا اچانک دورہ

دریا مولہ سے پانی نہ آنے کے باعث شہر کو پانی کی سپلائی معطل ہوچکی ہے' میر محمد اسلم خان مگسی

گندا واٹر (نامہ نگار) میر محمد اسلم خان مگسی جنرل سیکرٹری بلوچستان عوامی پارٹی نے گندا واٹر سپلائی کا اچانک دورہ کیا، صوبائی وزیر آبپاشی نوابزادہ میر طارق خان مگسی کے احکامات ہیں کہ گندا واٹر سٹی کی واٹر سپلائی فوری طور پر بحال کی جائے میر محمد اسلم خان مگسی عوام کو پانی کے حوالے سے درپیش مشکلات کا احساس ہے بارشوں اور سیلاب کی وجہ سے وقت لگا رہا ہے مشنری روانہ کردی گئی ہے جلدی ہی پانی بحال ہوجائے گی۔ ایکسین پی ایچ ای امیر جان مگسی نے مشینری اور تالاب کا معائنہ کروائیں نے بتایا کہ دریا مولہ سے پانی نہ آنے کے باعث شہر کو پانی کی سپلائی معطل ہوچکی ہے جس پر میر محمد اسلم خان مگسی نے ایکسین پی ایچ ای کو ہدایت دی ہیں کہ وزیر آبپاشی نوابزادہ میر طارق حسین خان مگسی کی احکامات پر ایکسین

بقیہ نمبر46 صفحہ 3 پر

عظیم قربانیوں کی بدولت ہم آزاد ملک وفضاء میں سانس لے رہے ہیں، عارف محمد حسنی

مملکت خداداد پاکستان جس کی تحریک آزادی میں ہمارے بزرگوں، مرد وخواتین اور بچوں نے اپنے لہو کا نذرانہ پیش کیا

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر محمد عارف محمد حسنی نے 73 ویں یوم آزادی پر پورے ملک اور خصوصاً صوبہ بلوچستان کے عوام کو مبارک پیش کیا بیانیوں نے اس موقع پر اپنے ایک پیغام میں اس عزم کی تجدید کی ہے کہ مملکت خداداد پاکستان جس کی تحریک آزادی میں ہمارے بزرگوں، مرد وخواتین اور بچوں نے اپنے لہو کا نذرانہ پیش کیا اور آج ان کی اس عظیم قربانی کی بدولت ہم ایک آزاد ملک کی آزاد فضاؤں میں سانس لے رہے ہیں لہٰذا ہمیں اس اہم دن کے موقع پر اس عزم کی دوبارہ تجدید کرنے کی ضرورت ہے کہ ہم اس ملک کی بقاء، سالمیت اور ترقی کے لئے شب وروز محنت کرکے عرض پاک کو

بقیہ نمبر34 صفحہ 3 پر

جشن آزادی کے سلسلے میں بچے پاکستانی پرچم کے بیج خرید رہے ہیں

جشن آزادی کے مناسبت سے گوادر کے ساحل پر ریت سے فن پارے بنانیکا مقابلہ ہوا

گوادر (خ ن) جشن آزادی کی مناسبت سے ساحل سمندر پر ریت کے ذرات سے شاہکار تخلیق کرنے والے آرٹسٹوں کے درمیان سینڈ آرٹ کا مقابلہ ہوا جہاں پر انھوں نے "سینڈ آرٹ" یعنی ریت سے بننے والے مختلف فن پارے بنائیں جشن آزادی کے مناسبت سے گوادر کے ساحل پر ریت

بقیہ نمبر51 صفحہ 3 پر

وفاقی حکومت جنگ اور جیو کے مالک خلیل الرحمن کو رہا کریں' مبارک خان حسنی

کرونا وباء ڈی دل سیلاب کی وجہ سے بلوچستان کی اخباری صنعت اور صحافی نہایت متاثر ہوئے ہیں

قلات سٹیزن (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام نظریاتی کے صوبائی معاون کوئٹہ میر مبارک خان محمد حسنی صوبائی صدر جی ٹی ای نظریاتی فضل الرحمان رحمانی سید ثناء اللہ شاہ مفتی محمد ناصر دیگر نے اخبار اکروں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی حکومت نے جنگ اور جیو کے مالک خلیل الرحمن قید کرکے پورے میڈیا کو متاثر کیا ہے اور اوقت تک کوئی ثبوت نیب کو دستاب نہیں ہے دیگر اخباری صنعت پریس کلبوں کی بندش یا شہروں میں پریس کلب نہ ہونا نیٹ کی بندش سے درپیش مسائل کے حوالے سے بات چیت

بقیہ نمبر50 صفحہ 3 پر

بلوچ نسل کو منشیات کی طرف دھکیل کر دانستہ طور پر تباہ کیا جارہا ہے، میر نذیر احمد

منشیات کینسر سے زیادہ خطرناک ہے جس سے ہماری نوجوان نسل تیزی سے اس میں مبتلا ہورہی ہے

پنجگور (این این آئی) پنجگور مارش، فاؤنڈیشن اینٹی ڈرگ سوسائٹی، نوجوان اتحاد کی جانب سے منشیات کے خلاف احتجاجی ریلی اور جلسہ سے بی این پی مینگل کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری میر نذیر احمد اینٹی ڈرگ ایسوسی ایشن کے سربراہ افتخار احمد، ریاض بلوچ دانش ممتاز، آصف بلوچ عبدالقدیر بلوچ اور دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلوچ نسل کو منشیات کی طرف دھکیل کر دانستہ طور پر تباہ کیا جارہا ہے۔

مسافروں خلاف قانون زیادہ مسافروں کو بیٹھا کر اوورلوڈنگ کے مرتکب ہورہے ہیں' نعمت اللہ ترین

بولان (این این آئی) کمشنر نصیر آباد ڈویژن اور ڈپٹی کمشنر بھی مراد خان کاسی کی خصوصی ہدایت پر ضلعی انتظامیہ تحصیلدار ڈھاڈر نعمت اللہ ترین کی سربراہی میں کوئٹہ سبی ٹیکک آباد روٹس پر چلنے والے مسافر ویگنوں کے خلاف کارروائی

بقیہ نمبر57 صفحہ 3 پر

14 اگست یوم آزادی کا دن ایک تاریخی دن ہے، میر داود خان نوتیزئی

اسی دن کو ہمارے آباؤ اجداد نے ہمیں انگریزوں اور ہندوؤں کی غلامی سے نجات دلائی

دالبندین (این این آئی) ممتاز سیاسی وقبائلی شخصیت وسابق ڈسٹرکٹ چیئرمین چاغی میر داود خان نوتیزئی نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا کہ 14 اگست یوم آزادی کا دن ایک تاریخی دن ہے اسی دن کو ہمارے آباؤ اجداد نے ہمیں انگریزوں اور ہندوؤں کی غلامی سے نجات دلائی۔ انہوں نے کہا کہ آزادی اللہ تبارک وتعالیٰ کی طرف سے عطاء کردہ بہت بڑی نعمت ہوتی ہے ہمیں اپنی آزادی کی قدر کرنی چاہیے آج ہم جس سکون اور آزاد فضاؤں میں سانس لے رہے ہیں یہ سب ہمارے بزرگوں کی قربانیوں کا ثمر ہے۔

ہمیں یوم آزادی کے موقع نظم، تنظیم، اتحاد کے ساتھ آگے بڑھنا ہے، سردار عجب خان میانخیل

کوئٹہ (این این آئی) قبائلی رہنما سردار عجب خان میانخیل اور ایوب آغا کی قیادت میں جمعرات کو جشن آزادی کے سلسلے میں ایئر پورٹ روڈ سے ایک ریلی نکالی گئی جو ایئر پورٹ روڈ، زرغون روڈ، مغلان چوک، لیاقت بازار، پرنس روڈ، جناح روڈ سے ہوتی ہوئی پریس کلب پہنچی ریلی کے شرکاء سے سردار عجب خان میانخیل اور ایوب آغا نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں یوم آزادی کے موقع نظم، تنظیم، اتحاد کے ساتھ آگے بڑھنا ہے۔

سی پی این ای نے سندھ حکومت کے ذمہ اخبارات کے واجبات کی عدم ادائیگی کے